Rg.No.
1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر
منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 1 منگل، 20 اگست 2024ء، 14 صفر المظفر 1146ھ، 4 بھادوں 2081 ب م شمارہ نمبر 41

میں نے غلط کام نہیں کیا تو مجھے فیض کے وعدہ معاف گواہ کے بیان کا کوئی خدشہ یا ڈر نہیں

فیض حمید کو میرے خلاف وعدہ معاف گواہ بنایا جائیگا، عمران خان

یہ احمق کہتے ہیں کہ فیض حمید نے بتایا حملہ کہاں کرنا ہے۔ ہمارا احتجاج تو پرامن تھا۔ جب آپ مجھے گھسیٹ کر اغوا کریں گے تو ہم کدھر احتجاج کریں گے؟

فیض حمید کی گرفتاری کا ڈراما میرا مقدمہ ملٹری کورٹ میں لے جانے کیلئے کیا جارہا ہے، انہیں پتا ہے میرے خلاف تمام مقدمات کھوکھلے ہیں جو اسٹینڈ نہیں کریں گے

جنرل (ر) فیض کے حوالے سے کہا جارہا ہے کہ 9 مئی کا ماسٹر مائنڈ ہے۔ اگر تو 9 مئی کو فیض نے میرے اغوا کا آرڈر دیا تو اسے پکڑیں۔ میں کسی کو اور کمانڈر کو نہیں جانتا تھا

راولپنڈی (بیوروچیف) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ فیض حمید کو میرے خلاف وعدہ معاف گواہ بنایا جائے گا۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ فیض حمید کی گرفتاری کا ڈراما میرا مقدمہ ملٹری کورٹ میں لے جانے کے لیے کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں پتا ہے میرے خلاف تمام مقدمات کھوکھلے ہیں جو اسٹینڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 39)

کورین ماہرین سے مشاورت کے بعد اس کی تعمیراتی مدت میں مزید کمی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، وزیراعظم

آئی ٹی برآمدات کا ہدف 25 ارب ڈالر مقرر

اسلام آباد آئی ٹی پارک کے تعمیر سے ملکی آئی ٹی برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا، 25ارب ڈالر کی آئی ٹی برآمدات کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے آئی پارک ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا

شہریوں کو اسلام آباد سٹی سپر ایپلیکیشن کے ذریعے 150 سروسز کی آسان رسائی ہوگی، موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے حکومتی وانتظامی خدمات بشمول، کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی، اسلام آباد پولیس، صحت اور تعلیم کی سروسز میسر ہوں گی

اسلام آباد (بیوروچیف) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ 25ارب ڈالر کی آئی ٹی برآمدات کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے آئی پارک ایک اہم سنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

اسلام آباد، وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ساتویں سروسز ٹریننگ سندھ حکومت وفد کے سربراہ کو تھانوں کی اپ گریڈیشن پر مبنی کتاب "تھانے پنجاب دے" دے رہے ہیں

عمران خان اور بشریٰ بی بی کا 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ منظور

دوران سماعت نیب نے دونوں ملزمان کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا نہیں کی

بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے نیب کے سوال نامے کا تحریری جواب عدالت میں جمع کرادیا

راولپنڈی (بیوروچیف) عمران خان اور بشریٰ بی بی کا 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ عدالت نے منظور کرلیا۔ اڈیالہ جیل میں احتساب عدالت نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو نئے توشہ خانہ ریفرنس میں 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ دوران سماعت نیب نے دونوں ملزمان کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا نہیں کی۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے نیب (باقی صفحہ 2 نمبر 40)

حکومت آرٹیکل 6 لگا کر دیکھ لے میں یہیں ہوں عارف علوی

صحافی نے پوچھا کہ آپ نے جس انداز سے اسمبلی تحلیل کی اس پر آرٹیکل 6 لگانے کا کہا جا رہا ہے؟

میں زندہ بھی اسی ملک میں ہوں اور پاکستان میں ہی رہوں گا، آرٹیکل 6 کیا ہے زندگی اور موت کی جنگ، میں بھی یہیں ہوں

اسلام آباد (بیوروچیف) سابق صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ یہ لوگ مجھ پر آرٹیکل 6 لگانا چاہیں تو کوشش کرلیں اور اپنی خوشی بھی پوری کرلیں۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں غیر رسمی گفتگو میں کہی۔ صحافی نے پوچھا کہ آپ نے جس انداز سے اسمبلی تحلیل کی اس پر آرٹیکل 6 لگانے کا کہا جا رہا ہے؟ اس پر عارف علوی نے کہا کہ آرٹیکل 6 اگر لگانا چاہیں تو کوشش کرلیں اور اپنی (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم کیخلاف قتل کا ایک اور مقدمہ درج

یہ مقدمہ مقتول محمد ملون کی بیوہ شہناز بیگم کی طرف سے دیر گئے سدھیر گنج تھانے میں درج کرایا گیا

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد، سابق روڈ ٹرانسپورٹ اور پلوں کے وزیر عبیدالقادر، سابق رکن اسمبلی شمیم عثمان، سابق وزیر داخلہ اسد الزماں خان سمیت 62افراد کے خلاف نارائن گنج کے علاقے سدھیر گنج میں مچھلی کے تاجر کے قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مقامی میڈیا کے مطابق یہ مقدمہ مقتول محمد ملون کی بیوہ شہناز بیگم کی طرف سے دیر گئے سدھیر گنج تھانے میں درج کرایا گیا جس کے بعد سابق وزیراعظم کے خلاف درج کرائے جانے والے مقدمات کی تعداد ایک درجن تک پہنچ گئی ہے۔ مقدمے میں دیگر نامزد ملزمان میں سابق رکن اسمبلی شمیم عثمان کا بیٹا آیون عثمان، ان کا بھتیجا (باقی صفحہ 2 نمبر 41)

اس وقت ملک کو معاشی بحران کا سامنا ہے،

ملکی مجموعی ریونیو کا 50فیصد قرضوں کی شکل میں ادا کرنا پڑ رہا ہے، احسن اقبال

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ اس وقت ملک کو معاشی بحران کا سامنا ہے ملکی مجموعی ریونیو کا 50 (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

رواں سال 3968 پاکستانی کمپنیاں دبئی میں رجسٹرڈ ہوئیں

بھارت میں سخت مالیاتی پالیسیوں اور پاکستان میں بڑھتے ہوئے معاشی عدم استحکام کے پس منظر میں دونوں ممالک کی

کمپنیوں کی دبئی میں بڑھتی ہوئی تعداد خطے میں متحدہ عرب امارات کو ایک غیر معمولی کاروباری مرکز کا روپ دے رہی ہیں

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں سخت مالیاتی پالیسیوں اور پاکستان میں بڑھتے ہوئے معاشی عدم استحکام کے پس منظر میں دونوں ممالک کی کمپنیوں کی دبئی میں بڑھتی ہوئی تعداد خطے میں متحدہ عرب امارات کو ایک غیر معمولی کاروباری مرکز کا روپ دے رہی ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دبئی میں کاروباری مواقع سے فائدہ اٹھانے والی بھارتی کمپنیوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جبکہ پاکستانی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں گزشتہ سال کی پہلی ششماہی کے مقابلے میں گزشتہ چھ ماہ کے دوران قدرے کمی آئی ہے۔ دبئی چیمبر (باقی صفحہ 2 نمبر 42)

سندھ حکومت کے ساتویں سول سروسز ٹریننگ پروگرام میں شامل افسران کا سنٹرل پولیس آفس کے مطالعاتی دورے کے موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر افسران کیساتھ گروپ فوٹو

لاہور، تاجکستان لے سفیر شریف زودا یوسف طور کو لاہور چیمبر کے صدر کاشف شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پنجاب حکومت نے 4افسران کے تقرر وتبادلے کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 4افسران کے تقرر وتبادلوں کے احکامات جاری کردیئے۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد مس سندس ارشاد کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری وزیر اعلیٰ آفس تعینات، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹرز آفس عبدالرزاق کو تبدیل کر کے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد تعینات، ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کے سلسلے میں شکاگو میں تقریب

قونصل جنرل طارق کریم سمیت پاکستانیوں کی بڑی تعداد کی

شکاگو (این این آئی) پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کے سلسلے میں شکاگو میں مقیم پاکستانیوں نے یوم آزادی کی ایک پروقار تقریب منعقد کی جس سے پاکستان کے قونصل جنرل طارق کریم سمیت پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

حکومت پنجاب کا بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو پیشگی ادائیگی کا فیصلہ

اس سلسلے میں ڈسکوز سے ریلیف کی صورت میں واجب الادا رقم کا تخمینہ فراہم کرنیکا کہا ہے

لاہور (بیوروچیف) پنجاب حکومت نے بجلی صارفین کو فی یونٹ 14روپے ریلیف دینے کے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے اقدامات کرتے ہوئے بجلی فراہم کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 43)

وزیراعظم کے دورہ چین کے موقع پر ناقص سفارتکاری

امکان ظاہر کیا جارہا ہے خلیل ہاشمی کی سفارتی ذمہ داریوں میں بھی تبدیلی ہوسکتی ہے

اسلام آباد (بیوروچیف) مصدقہ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ چین کے موقع پر ناقص سفارتکاری کے باعث بیجنگ میں (باقی صفحہ 2 نمبر 44)

ڈاکوؤں نے نوجوان کو گولیاں مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا

پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردی، تاہم ابھی تک قاتل ڈاکوؤں کا سراغ نہ مل سکا

یہ امر قابل ذکر ہے کہ فیصل آباد میں آئے روز ڈکیتی مزاحمت پر اتھرے ڈاکو نہتے شہریوں پر گولیاں برسانے لگے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) اتھرے ڈاکو نہتے شہریوں پر گولیاں برسانے لگے، پولیس افسران ٹک ٹاک بنانے میں مصروف، رضا آباد کے علاقہ میں اتھرے ڈاکوؤں نے موٹرسائیکل چھیننے کے دوران گھر کی دہلیز پر مزاحمت کرنے پر نوجوان کو گولیاں مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردی، تاہم ابھی تک قاتل ڈاکوؤں کا سراغ نہ مل سکا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

لاہور، لیسکو کے برطرف ملازمین پریس کانفرنس کررہے ہیں

کاروں کی امپورٹ میں اضافہ، موبائل فونز کی درآمدات میں کمی کی ریکارڈ

کراچی (بیوروچیف) موجودہ مالی سال کے پہلے مہینے میں کاروں کی درآمد میں دوگنا سے بھی زائد اضافہ تاہم اسمارٹ موبائل فون کی امپورٹ میں کمی دیکھی گئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کیمطابق موجودہ (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

پردہ کرنا میک اپ کرنے سے آسان ہے، میں پردے کو ترجیح دیتا: ٹرمپ

جو خواتین پردہ کرنا چاہتی ہیں تو ہمیں ان کی پسند اور انتخاب میں مداخلت نہیں کرنا چاہیے

واشنگٹن (آن لائن) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پردے کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو خواتین پردہ کرنا چاہتی ہیں تو ہمیں ان کی پسند اور انتخاب میں مداخلت نہیں کرنا چاہیے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میک اپ کرنے کے مقابلے میں پردہ کرنا زیادہ آسان ہے اور اس (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

اوکاڑہ: نوجوان نے بیوی کو قتل کر کے خودکشی کرلی

اوکاڑہ (نامہ نگار) گھریلو جھگڑے پر نوجوان نے بیوی کو قتل کر کے خودکشی کرلی۔ پولیس ذرائع کے مطابق افسوسناک واقع محلہ فرید آباد میں پیش آیا، جاں بحق ہونے والے کی شناخت ثقلین جبکہ لڑکی کی شناخت حمیرا کے نام سے ہوئی۔ ثقلین (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

بنگلہ دیش کا مفرور وزیراعظم کی بھارت سے حوالگی کے مطالبے پر غور

حسینہ واجد اور انکے رفقائے کار کیخلاف قتل عام کے مقدمات کی کارروائی شروع کردی گئی

نئی دہلی (آن لائن) بنگلہ دیش کی مفرور وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کو بھارت میں مودی سرکار کی پشت پناہی حاصل ہے اور بنگلہ دیش کا مفرور وزیراعظم حسینہ کی بھارت سے حوالگی کے مطالبے پر غور کیا جارہا ہے۔ زیادتی میں ملوث مفرور قاتل وزیراعظم کو پناہ دینے کے بعد مودی سرکار کی مکمل خاموشی اختیار کر رکھی جبکہ مقامی عدالتوں میں حسینہ واجد (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

سکولوں کے باہر 200 اضافی وارڈنز تعینات

لاہور (این این ائی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے حکم پر سکول وکالجز کے باہر ٹریفک کی روانی کیلئے جامعہ ٹریفک پلان مرتب کرتے ہوئے مصروف اور اہم شاہراہوں پر واقع 200 سے زائد سکولوں کے باہر اضافی پٹرولنگ آفیسرز تعینات کر دیئے گئے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 45)

اے این ایف کی منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں جاری

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کا منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری، 11 کارروائیوں کے دوران 2.5 کروڑ روپے مالیت کی 85 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 11 ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 46)

فائروال سسٹم، پی ٹی آئی دور حکومت میں لگانے کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (بیوروچیف) ملک میں انٹرنیٹ فائر وال سسٹم سب سے پہلے بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے دور حکومت میں لگانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ عمران خان کے دور حکومت میں 2020 کا وزیراعظم آفس میں نیشنل فائروال پر اجلاس ہوا، جس سے متعلقہ خط سامنے آ گیا۔ خط میں کہا گیا کہ 22 اکتوبر 2020 کو نیشنل فائروال (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

فیصل آباد۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر صبح سویرے سبزی منڈی سدھار جھنگ روڈ میں پیاز، ٹماٹر کی بولیوں کے عمل کی نگرانی کررہے ہیں

اسرائیلی فوج کی گودام میں پناہ لئے فلسطینی خاندان پر حملہ' 15 شہید

جبالیہ پناہ گزین کیمپ، دیر البلاح، خان یونس پر بھی بمباری' متعدد شہید وزخمی

غزہ (آن لائن) اسرائیلی فوج نے ایک گودام میں پناہ لئے ہوئے فلسطینی خاندان پر حملہ کر کے 9 بچوں سمیت 15 افراد کو شہید کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے وسطی غزہ کے علاقے الزوآدہ میں قائم ایک گودام پر رات گئے (باقی صفحہ 2 نمبر 47)

رؤف حسن نے کوئی غیر قانونی کام نہیں کیا، بیرسٹر گوہر

روف حسن پڑھے لکھے آدمی ہیں۔ آرٹیکل لکھتے رہے ہیں۔ صحافیوں سے رابطہ رہتا ہے

بجلی کی قیمت سب کیلئے کم ہونی چاہیے۔ بجلی کی قیمتیں ایک دو مہینے کے لیے نہیں مستقل کم ہونی چاہئیں

اسلام آباد (بیوروچیف) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ روف حسن نے کوئی غیر قانونی کام نہیں کیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ روف حسن پڑھے لکھے آدمی ہیں۔ آرٹیکل لکھتے رہے ہیں۔ صحافیوں سے رابطہ رہتا ہے۔ روف حسن نے کوئی غلط کام نہیں کیا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے پنجاب میں بجلی کی قیمتوں میں ریلیف کو ناکافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بجلی کی قیمت سب کیلئے کم ہونی چاہیے۔ بجلی کی قیمتیں ایک دو مہینے کے لیے نہیں مستقل کم ہونی چاہئیں۔ ان سے بجلی کی قیمتیں کم نہیں ہو رہی ہیں ترقیاتی فنڈز سے نکال کر ریلیف دیا جا رہا ہے۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لیں گے۔ پی ٹی آئی بلدیاتی انتخابات میں کلین سویپ کرے گی۔ امیدوار (باقی صفحہ 2 نمبر 48)

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر سے فاؤنڈیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان کی 14ویں کاشغر وسطی ایشیا اور جنوبی ایشیا کموڈٹی میلے میں شرکت

بیجنگ (این این آئی) چین میں 14ویں کاشغر۔ وسطی ایشیا اور جنوبی ایشیا کموڈٹی میلہ جاری ہے۔ پیر کے روز چینی میڈیا گروپ کے مطابق تاجکستان پہلی بار مہمان خصوصی کی حیثیت سے شریک ہے جب کہ پاکستان، کرغزستان، ازبکستان، قازقستان (باقی صفحہ 2 نمبر 49)

نئے مالی سال کے پہلے ماہ 16کروڑ ڈالر سے زائد تجارتی خسارے کا سامنا

اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق جولائی 2023 کے مقابلے میں جولائی 2024 کا خسارہ 78فیصد کم رہا

جولائی2023 میں جاری کھاتے کو 74 کروڑ ڈالر کا خسارہ درپیش تھا، تجارتی خسارہ بڑھنے کی وجہ سے جاری کھاتے پر دباؤ بڑھ رہا ہے

کراچی (بیوروچیف) نئے مالی سال (2024-25) کے پہلے مہینے (جولائی) میں جاری کھاتے کو 16 کروڑ 20لاکھ ڈالر خسارے کا سامنا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق جولائی2023 کے مقابلے میں جولائی2024 کا خسارہ 78 فیصد کم رہا۔ جولائی2023 میں جاری کھاتے کو 74 کروڑ ڈالر کا خسارہ درپیش تھا۔ اسی طرح جون 2024 کے (باقی صفحہ 2 نمبر 50)

الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کا اطلاق ماضی سے نہیں ہوسکتا

ایکٹ کو غیر آئینی قرار دیا جائے' درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کے خلاف دائر متفرق درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 51)

خیر پور میں زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6افراد جاں بحق

خیر پور (نامہ نگار) خیر پور میں زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق زہریلا دودھ پینے سے ایک ہی خاندان کے 6افراد کی ہلاکت کا واقعہ خیر پور کے علاقے پیر جو گوٹھ کے گاں بیت خان بروہی میں پیش آیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زہریلا دودھ پینے سے جاں بحق افراد میں 2 بچے بھی شامل ہیں۔ پولیس حکام کا بتانا ہے کہ زہریلا دودھ پینے (باقی صفحہ 2 نمبر 55)

غیرت کے نام پر اپنی کزن کو قتل کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار، آلہ قتل برآمد

عاشق اور شہباز نے 32 سالہ فوزیہ کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کے بعد نعش کھیتوں میں پھینک دی تھی

لاہور (این این آئی) غیرت کے نام پر اپنی کزن کو قتل کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور ڈاکٹر انوش مسعود کے نوٹس پر اندھے قتل کی واردات ٹریس کر لی گئی۔ گرفتار ملزمان عاشق اور شہباز نے 32 سالہ فوزیہ کو (باقی صفحہ 2 نمبر 52)

موٹروے ایم فائیو پر بس اور ٹریلر میں خوفناک تصادم، 8 مسافر جاں بحق

موٹر وے پولیس کے مطابق حادثے کا شکار مسافر بس پنجاب سے کراچی جا رہی تھی کہ حادثہ پیش آیا

جاں بحق افراد میں 2 خواتین اور دو بچے بھی شامل ہیں، حادثے میں تمام زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے

گھوٹکی (نامہ نگار) گھوٹکی میں اوباڑو کے قریب بس اور ٹریلر کے درمیان خوفناک تصادم میں 8 مسافر جاں بحق جبکہ 7 زخمی ہو گئے۔ موٹر وے پولیس کے مطابق حادثے کا شکار مسافر بس پنجاب سے کراچی جارہی تھی کہ گھوٹکی میں اوباڑو کے قریب موٹر وے ایم فائیو پر حادثہ پیش آیا، جاں بحق افراد میں 2 خواتین اور دو بچے بھی شامل ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ حادثے میں تمام زخمیوں کی حالت (باقی صفحہ 2 نمبر 53)

فیصل آباد۔ ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر سید ندیم بدر ویٹرنری اداروں کا دورہ کر رہے ہیں

گلگت بلتستان میں سیلاب سے تباہی، قراقرم ہائی وے بلاک

گلگت (بیوروچیف) گلیشیرز کے تیزی سے پگھلنے کے باعث آنے والے سیلاب سے گلگت بلتستان میں تباہی جاری ہے جبکہ مٹی کے تودے گرنے سے شاہراہ قراقرم متعدد مقامات پر بند ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق ہیٹ ویو کے باعث تیزی سے (باقی صفحہ 2 نمبر 56)

گلگت: مزدوروں کی گاڑی دریا میں جاگری، ڈرائیور سمیت 5افراد جاں بحق

گلگت (بیوروچیف) گلگت میں ڈیم مزدوروں کی گاڑی بے قابو ہو کر دریائے گلگت میں جاگری جس کے نتیجے میں پانچ افراد جاں بحق ہو گئے۔ مزدور ڈیم سائٹ پر کام کرنے کے لیے جارہے تھے کہ گاڑی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

25 سی ٹی ڈی کارپورلز کی گریڈ 14 میں بطور انڈر آفیسر ترقی

ترمیم شدہ رولز کے مطابق سی ٹی ڈی کارپورلز گریڈ 19 تک ترقی کی منازل طے کرسکیں گے

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) میں محکمانہ پروموشن بورڈ کے اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 54)

افغانستان میں خواتین کی حالت مسلسل گرنے لگی

طالبان دور حکومت میں لاکھوں افغان خواتین اور لڑکیوں کی امنگیں تباہ ہو چکی ہیں' رپورٹ

انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیوں کے باعث افغانستان کو قطعاً عالمی برادری میں شامل نہیں کیا جا سکتا، جرمن وزیر خارجہ

فیصل آباد۔ ڈرگ کنٹرولر محسن اصغر کی قیادت میں ٹیم جعلی ادویات قبضہ میں لے رہی ہے

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) طالبان کے دور حکومت میں خواتین کی حالت زار مسلسل گر رہی ہے اور طالبان دور حکومت میں لاکھوں افغان خواتین اور لڑکیوں کی امنگیں تباہ ہو چکی ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق طالبان کے زیر اقتدار افغانستان میں خواتین کو انسانی حقوق کی سب سے زیادہ خلاف ورزیوں کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ طالبان حکومت نے ایک منظم طریقے سے خواتین کو تعلیمی، سماجی اور سیاسی زندگی سے خارج کر کے گھروں میں نظر بند کر رکھا ہے۔ جرمنی کی وزیر خارجہ اینالینا بیئربوک نے اپنے بیان میں طالبان حکومت کے خواتین پر ڈھائے جانے والے مظالم کی شدید (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ کینیڈا
www.layalpurpost.com

فیض حمید کو میرے خلاف وعدہ معاف گواہ بنایا جائے گا

بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ فیض حمید کو میرے خلاف وعدہ معاف گواہ بنایا جائے گا۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ فیض حمید کی گرفتاری کا ڈراما میرا مقدمہ ملٹری کورٹ میں لے جانے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں پتا ہے میرے خلاف تمام مقدمات کھوکھلے ہیں جو اسٹینڈ نہیں کریں گے۔ یہ سب ملٹری کورٹ کا چکر چل رہا ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا مجھے لگتا ہے کہ یہ لوگ فیض حمید کو میرے خلاف وعدہ معاف گواہ بنائیں گے۔ جنرل (ر) فیض کے حوالے سے کہا جا رہا ہے کہ 9 مئی کا ماسٹر مائنڈ ہے۔ اگر تو 9 مئی کو فیض نے میرے اغوا کا آرڈر دیا تو اسے پکڑیں۔ میں کسی کو اور کمانڈر کو نہیں جانتا تھا صرف اتنا جانتا ہوں کہ باجوہ نے بتایا کہ فیض سب سے قابل جنرل ہے۔ بانی پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ یہ احمق کہتے ہیں کہ فیض حمید نے بتایا حملہ کہاں کرنا ہے۔ ہمارا احتجاج تو پر امن تھا۔ جب آپ مجھے گھسیٹ کر اغوا کریں گے تو ہم کدھر احتجاج کریں گے؟۔ جب میں نے غلط کام نہیں کیا تو مجھے فیض کے وعدہ معاف گواہ کے بیان کا کوئی خدشہ یا ڈر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش تھی کہ جنرل فیض اور افغان حکومت کے تعاون سے ملک سے دہشت گردی ختم کریں اور یہ بات میں نے کابینہ کو بھی بتائی تھی۔ نواز شریف کے کہنے پر جنرل فیض کو ہٹا کر دوسرے جنرل کو ڈی جی آئی ایس آئی تعینات کیا گیا۔ میں نے ہر ممکن کوشش کی کہ باجوہ کو ساتھ لے کر چلوں لیکن باجوہ نے میری پیٹھ میں چھرا گھونپا اور میری حکومت گرادی۔ عمران خان نے مزید کہا کہ میرے سابق آفس بوائے کو وعدہ معاف گواہ بنا کر کوشش کی جا رہی ہے کہ مجھے اہلیہ سمیت جیل میں رکھا جائے۔ یہ کہتے ہیں کہ 9 مئی کو سازش ہوئی لیکن اصل سازش تو رجیم چینج کے لیے ہمارے خلاف ہوئی۔ ملک بنانا ریپبلک بن چکا ہے جہاں انصاف نہیں مل رہا۔ یہ خود ہی جج اور جیوری بن گئے، پکڑ کر فیصلہ کر دیتے ہیں۔ ہم جیلوں میں ہیں اور ہم ہی کو نہیں سنا جا رہا۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ مجھے ہائی کورٹ سے رینجر سے اغوا کرایا گیا۔ میں وزیراعظم رہا مجھے پتا ہے رینجرز کیسے آپریٹ ہوتی ہے۔ اگر حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ پر عمل ہوتا تو ملک میں 3 مارشل لا نہ لگتے۔ آج ملک میں چوتھا غیر اعلانیہ مارشل لا نافذ ہے۔

بقیہ نمبر..........1

سینٹر •مس ندا کرسچن سٹڈی سینٹر •گرمیت سنگھ پاک یاترا •صاعقہ رحمت لوک ویہار ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن •لالا روبن ڈینیئل •امجد پرویز ساحل •پیر محمد خرم سیفی •صاحبزادہ عظیم ابراہیم •میڈم شاہین انھونی •میڈم رضیہ شوکت •تصور یونس و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر..........2

سب ڈویژن کے انور آباد، فیصل آباد روڈ سب ڈویژن کے چک نمبر 23 گ۔ب، حیدر علی شاہ سب ڈویژن کے چک نمبر 109 گ۔ب، چک جھمرہ نمبر 1 سب ڈویژن کے چک نمبر 136 ر۔ب، چک جھمرہ نمبر 2 سب ڈویژن کے چک نمبر 143 ر۔ب، طارق آباد سب ڈویژن کے جی بلاک گلستان کالونی، مانانوالا سب ڈویژن کے 201 تلاواں، ملت ٹاؤن سب ڈویژن کے اے بلاک ملت ٹاؤن، حاجی آباد سب ڈویژن کے نصیر آباد، سٹی لالیاں سب ڈویژن کے مہریہ مسجد نزد قریشیاں، رورل لالیاں سب ڈویژن کے چک نمبر 50، چنیوٹ نمبر 1 سب ڈویژن کے جھنگ روڈ اور چنیوٹ نمبر 2 سب ڈویژن کے صدیق آباد شامل ہیں۔

بقیہ نمبر..........3

ہیں گورنمنٹ ان افراد کو صحت کارڈ کے اوپر رجسٹرڈ کریں لاکھوں نوجوان جو سڑکوں پر سسکتی ہوئی زندگیاں گزارنے پر مجبور ہیں ان کو بحال کیا جا سکے۔ اس دفع 14 اگست کو آزادی کا دن سمجھ کر منا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر..........4

جس میں اس نے حزب اللہ کمانڈر کو شہید کرنے کا دعوی کیا۔ حزب اللہ نے شمالی اسرائیل میں درجنوں راکٹ فائر کیے، جس سے کئی مقامات پر آگ لگ گئی، اس دوران اسرائیلی فوجیوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاعات ملیں۔

بقیہ نمبر..........5

میاں شہباز شریف کو بھی ہدایت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میاں نواز شریف کے دور حکومت میں جن لوگوں کو 1600 روپے کا بل آتا تھا سیاسی پروجیکٹ کے بعد 18 ہزار کے آنا شروع ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے اقتدار ملنے کے چند ہفتے بعد آٹا چینی گھی سمیت روزمرہ کی تمام اشیا کی قیمتوں میں کمی کر کے میاں نواز شریف کے ویژن کی تقلید کی آج عوام کو 20 روپے میں ملنے والی روٹی 13 روپے میں مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے کردار اور سب کچھ اللہ پر چھوڑنے کی وجہ سے میاں نواز شریف تمام سازشوں سے سرخرو ہو چکے اور آج بھی انہیں لیڈر تسلیم کیا جاتا ہے۔ پی ٹی آئی پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا۔

بقیہ نمبر..........6

سہولیات مفت مہیا کر کے ریکارڈ قائم کیا ہے، روٹی کی قیمت میں کمی مریم نواز کی بہترین حکمت عملی اور ہوم ورک کا نتیجہ ہے، پنجاب میں ایئر ایمبولینس سروس مریم نواز کا انسانیت دوست اقدام ہے، پنجاب میں آج باقی صوبوں کی نسبت مہنگائی قدر کم اور اشیا خورد عام آدمی کی پہنچ میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز 25 ہزار ہونہار طلبہ کو سکالرشپ دینے کی منظوری دے چکی ہیں، یہ سب میاں نواز شریف کی لیڈر شپ اور ان کی رہنمائی کی بدولت ممکن ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر..........7

ملک میں چھوٹی ٹرانسپورٹ سے وابستہ لوگوں کے حقوق کے تحفظ اور ٹریفک نظام کی بہتری کیلئے جدوجہد کا آغاز ہوگا۔ شعبہ ٹرانسپورٹ پر مافیاز کا قبضہ ہے۔ روزگار کی منصفانہ پالیسی چاہتے ہیں۔ حکمران ٹولہ نے شعبہ ٹرانسپورٹ پر بھی قبضہ کر رکھا ہے اور من مانی پالیسیاں مرتب کر کے غریب ٹرانسپورٹرز کے بچوں کے منہ سے آخری نوالہ بھی چھیننے کے درپے ہیں جسے برداشت نہیں کیا جائے گا۔ گاڑیوں پر مختلف بھاری ٹیکسز اور ظالمانہ پالیسیوں کو ختم کرنا ہوگا۔ حکومت اپنی ہی پالیسیوں سے انحراف کر رہی ہے جو دغابازی کے مترادف عمل ہے۔ بڑی ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد کو نوازنے کیلئے چھوٹے ٹرانسپورٹروں کو دیوار سے لگانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کاروبار سب کا حق ہے اور غریب عوام اس سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ 28 اگست کو ہونے والی ملک گیر ہڑتال کی حمایت کرتے ہیں اور اس میں بھرپور کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہیں۔ کارکنان کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ ہڑتال کی کامیابی میں بھرپور ساتھ دیں۔

بقیہ نمبر..........8

کی گواہ ہے تحریک پاکستان کے موقع پر علما اہلحدیث کو پابند سلاسل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی مساجد و مدارس اور لائبریریوں کو جلایا گیا مگر ہمارے اسلاف نے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے ہندوستان کے طول وعرض کے دورے کر کے عوام کو علیحدہ وطن کے قیام کے حصول کے لئے تیار کیا۔

بقیہ نمبر..........9

ایک بیان میں مزید کہا کہ ہم نے ایران اور اس کے ایجنٹوں پر زور دیا کہ وہ غزہ میں قیدیوں کے تبادلے اور پر امن معاہدے تک پہنچنے کی کوششوں کی حمایت کریں اور اپنی دھمکیاں واپس لیں۔ دونوں ملکوں کے نمائندوں نے یہ بھی واضح کیا کہ صرف دو ریاستی حل ہی اسرائیل اور فلسطینیوں میں امن قائم کر سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا ہے کہ خطے کے استحکام میں ہر ایک کی دلچسپی ہے اور ہر کسی کی مخصوص ذمہ داری بھی ہے کہ وہ موجودہ کشیدگی کے خاتمے اور اسرائیل و فلسطین اور پورے خطے کے فائدے کے لیے پائیدار امن کو یقینی بنانے کی حمایت کرے۔ انہوں نے امریکہ، مصر اور قطر کی قیادت میں جنگ بندی اور غزہ میں قیدیوں کی رہائی کے معاہدے کے لیے کوششوں کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام فریق پر اب کشیدگی کو روکنے کے لیے کام کریں۔ صورتحال اب ایسے مواقع کو ضائع کرنے کے متحمل نہیں ہے جس سے غزہ کی پٹی پر 10 ماہ سے جاری اسرائیلی جنگ کا خاتمہ ہو جائے۔ ایک باخبر اہلکار نے تصدیق کی ہے کہ فلسطین کی غزہ کی پٹی میں قیدیوں کے تبادلے اور جنگ بندی کا معاہدہ نافذ کیے جانے کے حوالے سے تیار ہے۔ اہلکار نے کہا دوحہ مذاکرات کے دوران پیش کی جانے والی نئی تجویز موجودہ وقت میں سب سے بہتر ہے۔ یہ یرغمالیوں کی رہائی اور غزہ میں مصائب کے خاتمے کی ضمانت دیتی ہے۔

بقیہ نمبر..........10

ہیں اور فوج ان کی نگرانی کر رہی ہے۔ لوٹے گئے سامان کی واپسی کے لیے وزیراعظم ہاؤس کے گیٹ پر ایک کاؤنٹر قائم کیا گیا ہے جہاں لوگ لوٹی ہوئی اشیا جمع کروا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر..........11

کے خلاف ریلی نکالی گئی، مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز بھی اٹھا رکھے تھے۔ مظاہرین نے اسرائیلی وزیراعظم کے گھر کے باہر خود کو باندھ کر غزہ میں یرغمال بنائے گئے اسرائیلی شہریوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔ ریلی میں شریک افراد نے نیتن یاہو کی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے حکومت سے انسانی بحران کے حل کیلئے مؤثر اقدامات کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ اسرائیل میں مظاہرہ کرنے والے افراد کئی ماہ سے حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ غزہ میں فوری جنگ بندی کے معاہدے کو یقینی بنائے تاکہ حماس کے ہاتھوں یرغمال بنائے گئے شہری واپس آ سکیں۔

بقیہ نمبر..........12

پلانٹ پر حملے کی تیاری شروع کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی اس اشتعال انگیزی کی مذمت کرے اور نیوکلیئر سیفٹی سے متعلق امور کی خلاف ورزی روکے۔ ترجمان نے خبردار کیا کہ کیف کے اس اقدام سے یورپ بڑے پیمانے پر تباہی سے دوچار ہوگا۔ روسی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ یوکرینی فوج نہ صرف کرسک نیوکلیئر پاور پلانٹ بلکہ زیپوریزیا نیوکلیئر پاور پلانٹ کو بھی تباہ کرنا چاہتی ہے، اس مقصد کے لیے اس نے تابکاری مواد کے حامل وار ہیڈز علاقے میں پہنچا دیے ہیں۔ مقامی صحافی کی رپورٹ کے حوالے سے دعوی کیا گیا ہے کہ یوکرینی فوج اس مقصد کے لیے نیوکلیئر فیول ذخیرہ کرنیوالی تنصیب پر ڈرٹی بم استعمال کرے گی۔

بقیہ نمبر..........13

پروگرام کی ڈاکومنٹریز تیار کی جائیں۔ سڑکوں کی مرمت وبحالی اور پیچ ورک کرایا جائے۔ کوئی مین ہول بغیر ڈھکن کے نظر نہیں آنا چاہیے۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ ڈپٹی کمشنرز ہسپتالوں کی روزانہ انسپکشنز کو معمول بنائیں۔

بقیہ نمبر..........14

مہنگائی قدر کم اور اشیا خورد عام آدمی کی پہنچ میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز 25 ہزار ہونہار طلبہ کو سکالرشپ دینے کی منظوری دے چکی ہیں، یہ سب میاں نواز شریف کی لیڈر شپ اور ان کی رہنمائی کی بدولت ممکن ہو رہا ہے، پنجاب پانچ سال بعد دوبارہ 2018 والا پنجاب بنے گا، 2018 سے 2022 تک پنجاب پنکی، گوگی اور بزدار گینگ کے حوالے رہا، اس گینگ نے پنجاب کو 10 سال پیچھے دھکیل دیا، جو لوگ مریم نواز پر انگلیاں اٹھا رہے ہے ان کے اپنے صوبے میں کرپشن کی آوازیں پارٹی کے اپنے لوگ اٹھا رہے ہیں، علی امین گنڈا پور کی اپنی کابینہ کے لوگ انکی کرپشن کی داستانیں خود بے نقاب کر رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مریم نواز نے چند ماہ کی کارکردگی سے ثابت کیا وہ نواز شریف کا وزیراعلی کیلئے درست انتخاب ہیں۔

بقیہ نمبر..........15

میں دکان کا شٹر کھولنے

بقیہ نمبر..........16

پاوڈر، پانی، وجیٹیبل آئل اور کیمیکلز انسانی صحت کے لیے انتہائی مضر ثابت ہوتے ہیں۔

بقیہ نمبر..........17

پر وزیراعلی پنجاب مریم نواز اور سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ثابت ہو گیا کہ صرف مسلم لیگ ن ہی عوام کی ترجمان اور ریلیف دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف دن رات محنت کر کے ملکی معیشت کی سمت درست کر رہی ہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک سے پانچ سو یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں کو پنجاب حکومت کی طرف سے 14 روپے فی یونٹ دینے پر سابق وزیراعظم میاں نواز شریف اور وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کا شکریہ ادا کرتے ہیں بلاشبہ پنجاب حکومت کی طرف سے 45 ارب کا ریلیف پنجاب عوام کے لئے ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ہے جس پر مسلم لیگ ن کے قائدین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ ن ہر سطح پر عوام کو ریلیف دینے کے لئے اقدامات اٹھا رہی ہے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور قائد میاں نواز شریف نے عوام کو بجلی کے بلوں میں ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کرنے کی ہدایت کر دی ہے اور جلد عوام کوں جلی کے بلوں میں ریلیف ملتا نظر آئیگا۔

بقیہ نمبر..........18

فوج کے شہدا نے اپنا آج ہمارے کل کے لیے قربان کیا۔

بقیہ نمبر..........19

نے ہسپتال کے بعض حصوں کی مرمت وبحالی کے کاموں کا بھی جائزہ لیا اور اپ گریڈیشن کے جاری کاموں میں تیزی لانے کی ہدایت کی۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد فہیم یوسف، ڈی ڈی ڈویلپمنٹ سید نوید اقبال اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر..........20

سمندری، سول ویٹرنری ہسپتال تحصیل سمندری اور سول وٹرنری ہسپتال 474 گ ب تحصیل سمندری کا دورہ کیا اور ڈاکٹر وسٹاف کی حاضری کی جانچ پڑتال، OPD، صفائی، کسان لائیوسٹاک بیٹھک اور ہائی سکول فوکس پروگرام، سپلائی چین، میڈیسن سٹاک ریکارڈ، سیرا اور ویکسینیشن ریکارڈ، عارضی ٹور پروگرام، ڈیلی ڈائری، پرچی فیس رجسٹر اور AI ریکارڈ رجسٹروں کے علاوہ او پی ڈی رجسٹر پر درج کسانوں کو کال کر کے ہسپتال کی طرف سے فراہم کی جانے والی مفت خدمات کی تصدیق کی۔ ڈائریکٹر لائیوسٹاک نے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک دفتر تحصیل سمندری میں وزیراعلی پنجاب کے انیشیٹو پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت پودا بھی لگایا اور ملک کی سلامتی اور بقاء کے لئے دعا کی۔ انہوں نے ویٹرنری اداروں کے اردگرد کے گاؤں میں مویشی پال حضرات سے ملاقات کر کے سروس ڈیلیوری بارے مثبت فیڈ بیک بھی لیا۔ ڈائریکٹر لائیوسٹاک نے جاری ویکسینیشن کی بروقت تکمیل، کولڈ چین مینٹیننس، SPMS، 9211 پر درست ڈیٹا کی ریئل ٹائم اپلوڈنگ، پوری لگن اور محنت کے ذریعے بہتر سروس ڈیلیوری کیساتھ ساتھ Hybrid N نیپئر باجرہ گراس کی بیجائی کے اہداف کو بروقت حاصل کرنے کیلئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ نمبر..........21

حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت پانچ افراد جان کی بازی ہار گئے۔ مقامی رضا کاروں کی مدد سے جاں بحق افراد کو نکالا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر..........22

مذمت کی ہے۔ اینالینا بیئربوک نے کہا کہ طالبان حکومت کی جانب سے کی جانے والی انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزیوں کے باعث افغانستان کو قطعاً عالمی برادری میں شامل نہیں کیا جا سکتا، طالبان کے اقتدار میں افغان خواتین عالمی انسانی حقوق کی سب سے بڑی خلاف ورزیوں کا شکار ہیں۔ اینالینا بیئربوک نے کہا کہ طالبان کے زیر اقتدار افغانستان میں خواتین کو معمول کے کاموں کی اجازت نہیں اور کسی بھی جگہ اپنے سرپرست کے بغیر نہیں جا سکتیں۔ طالبان اپنے مخالف اٹھنے والی آوازوں بالخصوص خواتین کے مظاہروں کو تشدد اور گرفتاریوں کے ذریعے خاموش کرنے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہیں اور خواتین کے ساتھ برتاؤ پر بین الاقوامی تنقید کے باوجود طالبان حکومت کی بین الاقوامی قوانین پر عمل پیرا نہ ہونے کی ہٹ دھرمی برقرار ہے۔ افغان سول سوسائٹی کا کہنا ہے کہ: "جب تک خواتین کو حقوق نہیں مل جاتے تب تک طالبان حکومت کو بین الاقوامی طور پر تسلیم ہونا مشکل ہے۔" بین الاقوامی سطح پر مسلسل بدنامی اور تنقید کے باوجود آخر طالبان حکومت کب تک خواتین کے حقوق کی پامالی کا سلسلہ جاری رکھے گی؟

بقیہ نمبر..........23

مشاورت کے بعد کیا۔ خالد محمود چوہدری نے ضلعی نائب امیر میاں طاہر ایوب کی موجودگی میں زونل اجتماع ارکان میں اپنی ذمہ داری کا حلف اٹھایا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے وہ اس پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے اور اپنی تمام تر توانائیاں جماعت اسلامی کے کاز کو آگے بڑھانے میں صرف کریں گے۔ جماعت اسلامی کے ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ نے انہیں ذمہ داری ملنے پر استقامت کی دعا کرتے ہوئے کہ خالد چوہدری اپنی صلاحیتوں اور کارکردگی کی بنا پر جماعت اسلامی کی ٹیم میں ایک قابل قدر اضافہ ثابت ہوں گے اور پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر..........24

پالیسی قطعاً سود مند نہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر سیاستدانوں نے نازک حالات کا ادراک نہ کیا تو آنے والی نسلیں انہیں معاف نہیں کریں گی۔ ملک کے حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ تمام سیاستدان اور اسٹیک ہولڈرز ایک میز پر بیٹھیں اور مسائل کا حل تلاش کریں اگر آج سیاستدان متحد نہ ہوئے تو قوم میں بھی تقسیم بڑھے گی جس کا پاکستان ہرگز متحمل نہیں ہو سکتا۔ حافظ طاہر جمیل نے کہا کہ بلاشبہ پاکستان اس وقت شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہے اور سبسڈی دینے کا متحمل نہیں ہو سکتا لیکن ایسے میں وفاقی و صوبائی وزارتوں اور بیوروکریسی کیلئے مراعات اور غیر ضروری اخراجات پر پابندی عائد کر کے پسے ہوئے طبقات کو ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر ملکی قرضوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے قومی پالیسی بنائی جائے اور اس کی پارلیمنٹ سے توثیق کرائی جائے۔

بقیہ نمبر..........25

چڑھائیں۔ چیف آفیسر فیصل 25 شہزاد اور ضلع کونسل کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر..........26

آزادی سپورٹس گالا کے کامیاب انعقاد پر منتظمین کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ پبلک سکولوں میں کھیلوں کے مقابلوں کا باقاعدگی سے انعقاد جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر..........27

متوسط طبقے کو 700 ارب روپے کے سولر پینلز فراہم کیے جائیں گے جس سے عوام کو بجلی کے بھاری بلوں سے نجات ملے گی انہوں مزید کہا کہ حکومتی فیصلوں سے خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہو گیا ہے۔ تنقید برائے تنقید کی سیاست کرنے والوں کو کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ پاکستان اب مسائل کی دلدل سے نکل کر ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر..........28

خوشی بھی پوری کر لیں، یہ 1500 کیسز چلا چکے ہیں مزید بھی کیس بنا دیں یہ کوشش کر لیں مجھے بھی موقع ملے گا۔ عارف علوی نے کہا کہ قاضی فائز عیسی نے آپ کا نام لے کر کہا کہ 90 دن میں الیکشن تاریخ نہ دے سکے، میں نے قاضی صاحب کے بارے میں بہت کہا اس کی بھی اہمیت قاضی فائز عیسی کو ہونی چاہیے۔ عارف علوی سے پوچھا گیا کہ کیا آپ؟ آرٹیکل 6 کی کارروائی کے لیے تیار ہیں؟ اس پر انہوں ل سے کہا کہ میں زندہ بھی اسی ملک میں ہوں اور پاکستان میں ہی رہوں گا، آرٹیکل 6 کیا ہے زندگی اور موت کی جنگ، میں بھی یہیں ہوں۔

بقیہ نمبر..........29

فیصد قرضوں کی شکل میں ادا کرنا پڑ رہا ہے، سیاسی استحکام و پالیسیوں کے تسلسل کے بغیر ملکی ترقی ممکن نہیں، دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے، ہمیں ٹھوس اور جامع اقدامات کرنا ہوں گے ورنہ ہم دنیا سے بہت پیچھے رہ جائیں گے، وزیراعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ چین کے ثمرات آنا شروع ہو گئے ہیں 1000 افراد پر مشتمل وفد ٹریننگ کیلئے ستمبر میں چین روانہ ہوگا، اگلے پانچ سال کے لیے ویژن 2024-29 پر کام کر رہے ہیں

بقیہ نمبر..........30

ننکانہ صاحب محمد ارشاد کو تبدیل کر کے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن رپورٹ کرنے کی ہدایت جبکہ ڈپٹی سیکرٹری وزیر اعلیٰ آفس محمد تسلیم اختر راؤ کو تبدیل کر کے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب تعینات کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر..........31

اس موقع پر پاکستان کی سلامتی استحکام اور ترقی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی اور ملی نغمے بھی سنائے گئے، پاکستان کے معروف گلوکار محمد اشرف ملک (ملکو) اور سارہ الطاف نے روایتی نغمے اور مشہور گانا نک داکوکا اور قیدی نمبر 804 سنا کر داد وصول کی اور میلہ لوٹ لیا۔ تفصیلات کے مطابق تقریبات اور میلے کے چیئرمین معروف بزنس مین نوید انور چوہدری اور دیگر نے خطاب کیا جنہوں نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ہمیں امریکہ میں رہتے ہوئے پاکستان کے استحکام، ترقی کے لیے بڑھ چڑھ کر کام کرنا ہوگا اور پاکستان کے مفادات کے تحفظ کے لیے امریکی مقامی سیاست میں بھی حصہ لینا چاہیے۔ قونصل جنرل طارق کریم نے اپنے خطاب میں کہا کہ امریکہ میں مقیم پاکستانی پاکستان میں زرمبادلہ بھجواتے ہیں حکومت کی اور سفارت خانے کی ہر ممکن کوشش ہوتی ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، قونصل جنرل کا دفتر 24 گھنٹے عوام کی خدمت کے لیے کھلا ہوتا ہے پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کے وسیع مواقع موجود ہیں اور حال ہی میں پاکستان میں سرمایہ کاری کے لیے ماحول کو سازگار بنا دیا گیا ہے، نوید انور چوہدری نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم ایک زندہ قوم ہیں اور امریکہ میں ہوتے ہوئے پاکستان کی آزادی کی تقریبات کو بہت جوش وخروش سے منایا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز ایک اور ملک کا بھی آزادی کا دن منایا گیا اس میں لوگوں کی تعداد بہت کم تھی آج جتنی بڑی تعداد میں پاکستانی یہاں موجود ہیں یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وہ اپنے وطن سے کس حد تک محبت کرتے ہیں اور ہم زندہ قوم ہیں، ہم جس میدان میں بھی جاتے ہیں کامیابی کے جھنڈے گاڑھ دیتے ہیں ہم اس مرتبہ آزادی کی تقریبات اولمپک گولڈ میڈل کے ساتھ منا رہے ہیں اور ارشد ندیم نے تاریخی کامیابی حاصل کر کے پاکستانیوں کے سر فخر سے بلند کر دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم ایک واضح مثال ہے کہ جب انفرادی طور پر ایک پاکستانی نے کامیابی حاصل کی تو عوام میں پذیرائی ملتی ہے، انہوں نے کہا کہ اسی طرح ہمیں چاہیے کہ ہم اگر پاکستان کی صحیح معنوں میں خدمت کرنا چاہتے ہیں تو امریکہ کی مقامی سیاست میں دیگر ممالک کی طرح آگے بڑھنا ہوگا اور اتحاد کی فضا قائم رکھنا ہوگی اگر ہم دیکھیں تو ڈاکٹر سمیر شفیع، رانا زاہد، چوہدری منیر اختر، آصف ملک، طارق ستی، مسز شاہدہ اور بہت سے نام ہیں جو نہ صرف پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں بلکہ عطیات بھی دے رہے ہیں یہ لوگ پاکستان کے لیے بہت کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم نے مقامی سیاست میں حصہ لیا تو مسٹر کھوکھر میئر بن گئے اور مسٹر آصف ملک ٹرسٹی بن گئے اور آج وہ شکاگو میں پاکستانیوں کی ایک جان پہچان بنے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوانوں میں بہت ٹیلنٹ ہے نوجوان ہمارے اثاثہ ہیں پہلے اعلی تعلیم حاصل کریں اور پھر معاشی طور پر مضبوط ہو کر امریکی سیاست میں حصہ لینا ہے امریکی سیاست میں حصہ لیے بغیر ہم پاکستان کی صحیح معنوں میں خدمت نہیں کر سکتے، تقریب میں ملکو نے ملی نغمے گا کر خوب داد حاصل کی اور اپنا مشہور نغمہ نک داکوکا اور قیدی نمبر 804 سنا کر داد حاصل کی۔

بقیہ نمبر..........32

بتایا جاتا ہے کہ رضا آباد کے علاقہ کلیم شہید کالونی نمبر 2 علی گارڈن گلی نمبر 3 کا رہائشی 26 سالہ انس عباس ولد عباس کے چھوٹے بھائی سے گھر کے باہر تین مسلح ڈاکو موٹر سائیکل چھین رہے تھے کہ شور سن کر انس عباس گھر سے باہر نکلا اور ڈاکوؤں کو پکڑنے کی کوشش کی تو اتھرے ڈاکوؤں نے مزاحمت کرنے پر گھر کے باہر سیدھی سر میں گولی مار کر بری طرح لہولہان کر کے فرار ہو گئے، مضروب کو تشویشناک حالت میں الائیڈ ہسپتال پہنچایا گیا جہاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا۔ بعدازاں پولیس نے نعش قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتل ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ فیصل آباد میں آئے روز ڈکیتی مزاحمت پر اتھرے ڈاکو نہتے شہریوں پر گولیاں برسانے لگے۔ جبکہ پولیس افسران واہلکار ٹک ٹاک بنانے میں مصروف نظر آتے ہیں اور اعلیٰ حکام کو سب اچھا کی رپورٹ بھجوانے لگے۔ ڈاکوؤں کے ہاتھوں نوجوان انس عباس کی ہلاکت پر علاقہ میں خوف وہراس اور اہل علاقہ میں غم وغصہ کی لہر دوڑ گئی۔

بقیہ نمبر..........33

مالی سال کے پہلے ماہ کاروں کی امپورٹ میں دوگنا سے زائد اضافہ ہوا ہے، جولائی 2024 میں 2 کروڑ 32 لاکھ 94 ہزار ڈالر کی کاریں منگوائی گئیں، مقامی کرنسی میں درآمدی کاروں کی مالیت 6 ارب 45 کروڑ روپے رہی۔ رپورٹ کیمطابق 3 کروڑ 42 لاکھ ڈالر کے پرزہ جات امپورٹ کر کے کاریں اسمبل بھی کی گئیں، درآمدی پرزہ جات کی مقامی مالیت ساڑھے 9 ارب روپے سے زائد ہے، جولائی میں اسمارٹ موبائل فونز کی امپورٹ میں 5.30 فیصد کمی آئی، گزشتہ ماہ 6 کروڑ 45 لاکھ ڈالر مالیت کیا سمارٹ موبائل فونز منگوائے گئے، جولائی 2023 میں درآمدی موبائل فونز کی مالیت 6 کروڑ 81 لاکھ ڈالر سے زائد تھی، پچھلے مالی سال ریکارڈ ایک ارب 89 کروڑ ڈالر کے موبائل فون درآمد کئے گئے تھے۔

بقیہ نمبر..........34

سے وقت بھی بچتا ہے۔ اگر میں عورت ہوتا تو میک اپ پر پردے کو ترجیح دیتا۔ خیال رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی یہ وائرل ویڈیو 8 سال پرانی ہے تاہم یہ ویڈیو سی این این نے دوبارہ وائرل کی اور ویڈیو دیکھتے ہی دیکھتے جنگل میں آگ کی طرح پھیل گئی۔ سوشل میڈیا صارفین نے اس بیان کو مسلمان ووٹرز کی ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش قرار دیا جب کہ کچھ نے ڈونلڈ ٹرمپ کی دوسروں کے انتخاب کا احترام کرنے کو سراہا۔ ڈونلڈ ٹرمپ اس وقت اپنی صدارتی مہم میں مصروف ہیں ان کا حکمراں جماعت کی امیدوار کملا ہیرس کے ساتھ کانٹے کا مقابلہ متوقع ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کو اب تک سروے میں کملا ہیرس سے بہت معمولی شکست کا سامنا ہے اور اس فرق کو کم کرنے کے لیے ان کی میڈیا ٹیم نے پرانی ویڈیو وائرل کرائی ہے۔

بقیہ نمبر..........35

کی بیوی روٹھ کر میکے آئی ہوئی تھی ثقلین اسے منانے آیا تھا، تلخ کلامی پر ثقلین نے چھری کا وار کر کے بیوی کا گلا کاٹ دیا، بہن کو بچانے کے لئے سالی آگے آئی تو اسے بھی زخمی کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق نوجوان ثقلین نے گھر سے باہر نکل پر خود کا بھی گلا چھری سے کاٹ لیا جو ہسپتال لے جاتے ہوئے راستے میں دم توڑ گیا۔

بقیہ نمبر..........36

کے خلاف قتل اور اغوا کے مقدمات درج ہیں۔ حسینہ پر طلبہ تحریک کے دوران وحشیانہ قتل کے احکامات جاری کرنے، متعدد کارکنوں کو غائب کرانے اور اُن کے قتل کی راہ ہموار کرنے کے حوالے سے مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ حسینہ واجد اور ان کے رفقائے کار کے خلاف قتلِ عام کے مقدمات کی کارروائی شروع کر دی گئی۔ متعدد مقدمات درج ہونے کے باوجود مودی سرکار کی ہٹ دھرمی برقرار ہے جبکہ ماضی میں بھی بھارت مجرموں کی محفوظ پناہ گاہ رہ چکا ہے۔ 1971ء میں بھی بھارت کی مداخلت اور گھناؤنی سازش سقوطِ ڈھاکہ میں کلیدی کردار ادا کر چکی ہے۔ مبصرین کا سوال ہے کہ مودی سرکار کی بنگلہ دیش کی مجرم حسینہ واجد کی پشت پناہی آخر بھارت کب تک دوسرے ممالک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کر کے مجرموں کو پناہ دیتا رہے گا؟

بقیہ نمبر..........37

سسٹم سے متعلق اجلاس ہوا، وزیراعظم کے احکامات کے مطابق نیشنل فائر وال سسٹم تیار اور نصب کیا جائے۔ خط میں مزید کہا گیا کہ وزارت آئی ٹی کیس باضابطہ منظوری کے لیے مجاز اتھارٹی کو بھجوائے، خط میں یہ بھی کہا گیا کہ وزیراعظم کے احکامات کے مطابق ٹائم لائنز اور پیشرفت رپورٹ جمع کروائی جائے، سامنے آنے والا خط اس وقت کے ایڈیشنل سیکرٹری (ii) عثمان اختر باجوہ کے دستخطوں سے جاری ہوا تھا۔

بقیہ نمبر..........38

میل ثابت ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت انفارمیشن ٹیکنالوجی شعبے کے منصوبوں، آئی ٹی برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات کے نفاذ اور ڈیجیٹائیزیشن پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس کے شرکا سے گفتگو میں وزیراعظم نے اسلام آباد آئی ٹی پارک کے منصوبے پر اب تک کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کورین ماہرین سے مشاورت کے بعد اس کی تعمیراتی مدت میں مزید کمی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ اسلام آباد میں آئی ٹی پارک کے منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے، کورین کمپنی نے آئی ٹی پارک کی تکمیل کی مدت کو جون 2025 سے کم کر کے فروری 2025 کر دیا ہے، اسلام آباد آئی ٹی پارک پر چوبیس گھنٹے کام جاری ہے، سی ڈی اے کی ٹیمیں کام کی نگرانی کیلئے باقاعدگی سے سائیٹ کا دورہ کر رہی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد آئی ٹی پارک کے تعمیر سے ملکی آئی ٹی برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا، 25 ارب ڈالر کی آئی ٹی برآمدات کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے آئی ٹی پارک ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اجلاس کو ڈیجیٹل اسمارٹ سٹیز کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ اسلام آباد سے ڈیجیٹل اسمارٹ سٹیز کے پائلٹ پراجیکٹ کا اجرا کیا جا رہا ہے، شہریوں کو اسلام آباد سٹی سپر ایپلیکیشن کے ذریعے 150 سروسز کی آسان رسائی ہوگی، موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے حکومتی و انتظامی خدمات بشمول کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی، اسلام آباد پولیس، صحت اور تعلیم کی سروسز میسر ہوں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہریوں کو حکومتی خدمات کیلئے موبائل ایپلی کیشن کے استعمال کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ اجلاس کو آئی ٹی شعبے کی گزشتہ پانچ ماہ کی کارگردگی کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا جبکہ بتایا گیا کہ حکومتی اقدامات کی بدولت گزشتہ برس کی نسبت آئی ٹی برآمدات میں 30 فیصد کا اضافہ ہوا، گزشتہ پانچ ماہ میں تین لاکھ طلبا آئی ٹی اسکلز کے پروگرامز میں تربیت کیلئے رجسٹر ہوئے، 4 نئے انکوبیشن سینٹر کا اجرا کیا گیا۔ شرکا کو بتایا گیا کہ ملک میں حکومت کے اقدامات کی بدولت موبائل فونز کی تیاری میں 30 فیصد اضافہ ہوا اور موبائل استعمال کرنے والوں کی تعداد میں 8 لاکھ کا اضافہ ہوا، اس کے علاوہ وزیر اعظم کے ویژن کے مطابق پاکستان کی آئی ٹی برآمدات کو 25 ارب ڈالر پر پہنچانے کیلئے آئی ٹی شعبے سے متعلقہ تمام ادارے مل کر منصوبوں پر کام جاری ہے۔ اجلاس کو آئی ٹی شعبے کے مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری اور ان سے آئی ٹی برآمدات میں مرحلہ وار اضافے پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ آئی ٹی شعبے میں 77 ملین ڈالر کی حکومتی سرمایہ کاری سے آئی ٹی برآمدات میں 25 ارب ڈالر کا اضافہ متوقع ہے جبکہ ملکی ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن سے 10 ارب ڈالر، ٹیلی کام شعبے سے 2 ارب جبکہ حکومتی اقدامات سے آئی ٹی برآمدات میں 13 ارب ڈالر کا زرمبادلہ متوقع ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ملک بھر میں وفاقی حکومت کی تمام خدمات بشمول مالیاتی، صحت، زراعت، تعلیم، انتظامی اور سیکیورٹی کی خدمات موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے شہریوں تک رسائی کیلئے منصوبہ حتمی مراحل میں ہے۔ وزیر اعظم نے آئی ٹی شعبے کے حوالے سے تمام اقدامات کو معینہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ اجلاس میں وفاقی وزرا احسن اقبال، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطا اللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ، ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن جہانزیب خان، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹرز ملک مختار بھرتھ، رانا احسان افضل اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر..........39

نہیں کریں گے۔ یہ سب ملٹری کورٹ کا چکر چل رہا ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا مجھے لگتا ہے کہ یہ لوگ فیض حمید کو میرے خلاف وعدہ معاف گواہ بنائیں گے۔ جنرل (ر) فیض کے حوالے سے کہا جا رہا ہے کہ 9 مئی کا ماسٹر مائنڈ ہے۔ اگر تو 9 مئی کو فیض نے میرے اغوا کا آرڈر دیا تو اسے پکڑیں۔ میں کسی کو اور کمانڈر کو نہیں جانتا تھا صرف اتنا جانتا ہوں کہ باجوہ نے بتایا کہ فیض سب سے قابل جنرل ہے۔ بانی پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ یہ احمق کہتے ہیں کہ فیض حمید نے بتایا حملہ کہاں کرنا ہے۔ ہمارا احتجاج تو پر امن تھا۔ جب آپ مجھے گھسیٹ کر اغوا کریں گے تو ہم کدھر احتجاج کریں گے؟۔ جب میں نے غلط کام نہیں کیا تو مجھے فیض کے وعدہ معاف گواہ کے بیان کا کوئی خدشہ یا ڈر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش تھی کہ جنرل فیض اور افغان حکومت کے تعاون سے ملک سے دہشت گردی ختم کریں اور یہ بات میں نے کابینہ کو بھی بتائی تھی۔ نواز شریف کے کہنے پر جنرل فیض کو ہٹا کر دوسرے جنرل کو ڈی جی آئی ایس آئی تعینات کیا گیا۔ میں نے ہر ممکن کوشش کی کہ باجوہ کو ساتھ لے کر چلوں لیکن باجوہ نے میری پیٹھ میں چھرا گھونپا اور میری حکومت گرادی۔ عمران خان نے مزید کہا کہ میرے سابق آفس بوائے کو وعدہ معاف گواہ بنا کر کوشش کی جا رہی ہے کہ مجھے اہلیہ سمیت جیل میں رکھا جائے۔ یہ کہتے ہیں کہ 9 مئی کو سازش ہوئی لیکن اصل سازش تو رجیم چینج کے لیے ہمارے خلاف ہوئی۔ ملک بنانا ریپبلک بن چکا ہے جہاں انصاف نہیں مل رہا۔ یہ خود ہی جج اور جیوری بن گئے، پکڑ کر فیصلہ کر دیتے ہیں۔ ہم جیلوں میں ہیں اور ہم ہی کو نہیں سنا جا رہا۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ مجھے ہائی کورٹ سے رینجر سے اغوا کرایا گیا۔ میں وزیراعظم رہا مجھے پتا ہے رینجرز کیسے آپریٹ ہوتی ہے۔ اگر حمود الرحمٰن کمیشن رپورٹ پر عمل ہوتا تو ملک میں 3 مارشل لا نہ لگتے۔ آج ملک میں چوتھا غیر اعلانیہ مارشل لا نافذ ہے۔ یہ سب کچھ صرف اور صرف مجھے ملٹری کورٹ لے جانے کے لیے ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کے بارے میں شرمناک چیزیں کہی جا رہی ہیں کہ وہ فیض حمید سے انفارمیشن لیتی تھی، یہ ہمارے معاشرے میں نہیں ہوتا۔ بشریٰ بی بی کے بارے میں ایسی باتیں کرتے ان کو شرم آنی چاہیے۔ اصل میں ان کو ڈر لگ گیا ہے کہ چیف جسٹس چلا گیا تو ان کا الیکشن ڈراما کھل جائے گا، اس لیے ان کی کوشش ہے کہ اس سے قبل مجھے سزا دلوائیں۔ بانی پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ یہ دو تہائی اکثریت کے لیے سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر عمل نہیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف اور محمد زبیر بھی اب کہہ چکے ہیں کہ باجوہ نے سب کچھ مدت ملازمت میں توسیع کے لیے کیا۔ کیا عمران خان پاگل تھا جو اپنے نہتے لوگوں کو حکم دیتا کہ وہ کور کمانڈر ہاؤس جائیں؟۔ اگر میں نے غلط کام نہیں کیا تو میرے خلاف فیض کے وعدہ معاف گواہ بننے کا مجھے کوئی خدشہ نہیں۔ میرے خلاف تمام کیسز جب بھی عدالت کھڑی ہوئی ختم ہو جائیں گے۔ عمران خان نے کہا کہ پی ٹی آئی دن بہ دن مضبوط ہوتی جا رہی ہے، مزید عوام پی ٹی آئی کے ساتھ جڑ رہے ہیں۔ 8 فروری کو اس کا واضح ثبوت بھی مل چکا۔ ساری لیڈر شپ فارغ ہونے کے باوجود ہماری پارٹی جیت گئی۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی گفتگو کے دوران فیملی کارنر میں خواتین کے شور شرابے کی آوازیں آتی رہیں، جس پر عمران خان 3 مرتبہ میڈیا ٹاک کرتے ہوئے رک گئے اور شور کی وجہ سے انہوں نے صحافیوں کے سوالوں کے محدود جواب دیے۔ قبل ازیں ہفتے کے روز عمران خان نے میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا تھا کہ جنرل (ر) فیض حمید کی گرفتاری پر بالکل بھی خوفزدہ نہیں اگر ڈرتا تو جوڈیشل کمیشن کی بات نہ کرتا۔ فیض حمید نے 9 مئی کی سازش کی، ایسا نہیں ہے بلکہ سازش تو پی ٹی آئی کے خلاف ہوئی ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ پہلی سازش یہ تھی کہ جنرل (ر) باجوہ نے نواز شریف کے کہنے پر جنرل فیض کو ہٹایا، دوسری سازش تھی کہ ہماری حکومت میں جنرل (ر) باجوہ نے حسین حقانی کو 35 ہزار ڈالر میں لابنگ کے لیے ہائر کیا، حسین حقانی کے بعد ڈونلڈ لو کا معاملہ آیا اور ہماری حکومت گرادی گئی، چیف جسٹس کو انکوائری کا کہا لیکن بجائے انکوائری کے ہم مظلوموں پر سائفر کا کیس کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر..........40

کے سوال نامے کا تحریری جواب عدالت میں جمع کرا دیا۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کو آج 11 روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد عدالت پیش کیا گیا تھا، اس موقع پر ان کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے جب کہ نیب کے پراسیکیوٹر جنرل سردار مظفر عباسی ٹیم کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے توشہ خانہ کے نئے ریفرنس کی سماعت کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو 2 ستمبر کو پیش کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ نمبر..........41

ازمیری عثمان اور نارائن گنج میٹروپولیٹن عوامی لیگ کے آرگنائزنگ سیکرٹری شاہ نظام شامل ہیں۔ مقدمے کے مندرجات کے مطابق 21 جولائی کو طلبہ کی تحریک میں خلل ڈالنے کے لیے عوامی لیگ اور اس سے منسلک تنظیموں کے رہنماؤں اور کارکنوں نے آتشیں اسلحے، کاک ٹیلو اور لاٹھیوں سے مسلح ہو کر ڈھاکہ چٹاگانگ ہائی وے پر رکاوٹیں کھڑی کیں اور لوگوں کو خوفزدہ کیا۔ اس موقع پر سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد اور ان کے وزیر داخلہ اسد الزماں نے مبینہ طور پر دیگر ملزمان کو احتجاجی مظاہرے کے شرکا پر فائرنگ کا حکم دیا۔

بقیہ نمبر..........42

آف کامرس کے نئے اعداد وشمار کے مطابق 2024 کی پہلی ششماہی میں 7,860 ہندوستانی کمپنیاں دبئی چیمبر میں رجسٹرڈ ہوئیں، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 1.5 فیصد زیادہ ہے۔ اس کے برعکس، پاکستانی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 1.2 فیصد کمی آئی۔ رواں سال کے پہلے چھ ماہ میں 3,968 نئی پاکستانی کمپنیاں دبئی میں رجسٹرڈ ہوئیں۔ گزشتہ سال اسی عرصے کے دوران 4,018 پاکستانی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں جبکہ گزشتہ دبئی میں 7,740 نئی بھارتی کمپنیاں بنائی گئیں۔ دبئی کا مضبوط کاروباری ڈھانچہ، کاروباری دوستانہ ماحول، دبئی کی اسٹریٹیجک محل وقوع اور مضبوط انفراسٹرکچر دنیا بھر خصوصاً پاک بھارت بزنس کمیونٹی کو اپنی جانب پہلے سے زیادہ اپنی جانب کھینچ رہا ہے۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ استحکام اور ترقی کے خواہاں بھارتی اور پاکستانی کاروباری افراد کیلئے دبئی ایک بے مثال مقام بن چکا ہے۔ مشرق وسطی میں معاشی سرگرمیوں کے تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ جنوب ایشیائی ممالک خصوصاً بھارت اور پاکستان میں معاشی دباؤ کی وجہ بھی دونوں ممالک کے کاروباری افراد کو خوب سے خوب تر کی تلاش میں کاروباری ہجرت پر مجبور کر رہا ہے۔ مشرق وسطی کی کاروباری سرگرمیوں سے وابستہ معاشی امور کے ماہر دانش قاضی کا خیال ہے کہ بھارتی کاروباروں کیلئے، بھارتی سینٹرل بینک ریزرو بینک آف انڈیا کی سخت مالیاتی پالیسیوں نے بھارت میں کاروبار کو بہت چیلنجنگ بنا دیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ اسی وجہ سے بھارتی کاروباری افراد اب دبئی کی طرف دیکھ رہے ہیں، جہاں کاروبار کرنا انتہائی آسان ہے بلکہ اس کے اسٹریٹیجک فوائد بھی ہیں۔ دنیا بھر میں کمپنیز کی مالی جانچ پڑتال کرنے والے ماہر آصف زمان کا کہنا ہے کہ بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان حالیہ آزاد تجارتی معاہدے (FTA) نے بھارتی کمپنیز کے دبئی میں کاروبار شروع کرنے کے رجحان کو مزید تقویت دی ہے۔

بقیہ نمبر..........43

والی 5 سرکاری بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو ایڈوانس میں ادائیگی کرنیکا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں ڈسکوز سے ریلیف کی صورت میں واجب الادا رقم کا تخمینہ فراہم کرنے کا کہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ پنجاب کی صوبائی حکومت نے 5 ڈسکوز سے 19 اگست تک فی یونٹ پر 14 روپے ریلیف کے لیے درکار مالی ضروریات کا تخمینہ مانگا ہے۔ اس سلسلے میں پنجاب حکومت نے پنجاب کو بجلی فراہم کرنے والی 5 ڈسکوز کو الگ الگ خط لکھ دیا ہے

بقیہ نمبر..........44

پاکستانی سفارتخانے کی کارکردگی پر عدم اطمینان اور بعض تحفظات کے پیش نظر چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی کو اسلام آباد بلا کر ان سے وضاحت طلب کی گئی تھی۔ انہوں نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور دیگر حکام کے سامنے وضاحت طلب امور پر اپنا موقف پیش کیا، اس حوالے سے وزارت خارجہ میں چائنا ڈیسک کے ڈائریکٹر جنرل عامر خان کی ذمہ داریوں کو بھی تبدیل کر دیا گیا۔ ان ذرائع کے مطابق چین میں پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی کے بارے میں امکان ظاہر کیا جا رہا ہے ان کی سفارتی ذمہ داریوں میں بھی تبدیلی ہو سکتی ہے تاہم فی الوقت اس منصب کیلئے موزوں سفارتی شخصیت دستیاب نہیں جسے یہ ذمہ داریاں تفویض کی جائیں اس لئے فی الحال وہ چین میں اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ اس حوالے سے رابطہ کرنے پر وزارت خارجہ کے ذریعے نے اس بات کی تصدیق کی کہ چین کے سفیر کو پاکستان بلایا گیا تھا تاہم تفصیلات کے بارے میں انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر..........45

ڈی ایس پیز سکول ٹائم اور چھٹی کے اوقات میں خود فیلڈ میں موجود رہیں گے۔ مال روڈ، جیل روڈ، فیروز پور روڈ، مین بلیوارڈ گلبرگ، علامہ اقبال روڈ، وحدت روڈ، مولانا شوکت علی روڈ، کینال روڈ پر اضافی نفری تعینات کی گئی ہے۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے سرکل افسران کو سکول و کالج انتظامیہ سے میٹنگ کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ چھٹی کے اوقات میں صرف ایک لائن میں پارکنگ کی اجازت ہوگی، ڈبل پارکنگ کی صورت میں کارروائی کی جائے، سکول و کالجز کے باہر کسی ریڑھی و ٹھیلے کو نہ لگنے دیا جائے۔ انہوں نے ایجوکیشن یونٹ کو ٹریفک اسکاؤٹس پروگرام دوبارہ شروع کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ سکول و کالجز، یونیورسٹیز میں روڈ سیفٹی لیکچرز کا شیڈول مرتب کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر..........46

راولپنڈی میں کوریئر آفس میں قطر بھیجے جانے والے پارسل سے 1 کلو آئس برآمد، فیصل آباد ایئرپورٹ پر بحرین جانے والے مسافر سے 250 گرام آئس برآمد، لاہور ایئرپورٹ سے بحرین جانے والے مسافر سے 189 گرام آئس برآمد، آر سی ڈی روڈ لسبیلہ کے قریب گاڑی سے 40 کلو چرس اور 14.4 کلو آئس برآمد، ملزم گرفتار، ایم ون اسلام آباد کے قریب خاتون سے 9.6 کلو چرس برآمد، جی ٹی روڈ اٹک پر موٹر سائیکل سوار سے 7.2 کلو چرس برآمد، طورخم میں دو کارروائیوں میں ملزم سے 7.4 کلو چرس اور 900 گرام آئس برآمد، لاہور میں یو ای ٹی گیٹ 3 کے قریب 3 ملزمان سے 3 کلو ہیروئین برآمد، شیر شاہ ٹول پلازہ کے قریب ملزم سے 1 کلو آئس برآمد اور ڈسکہ سیالکوٹ روڈ کے قریب خاتون سے 300 گرام آئس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر..........47

بمباری کی جس کے نتیجے میں وہاں پناہ لئے ہوئے 16 افراد شہید ہوئے جن میں سے 15 کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھا جبکہ شہید ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ میڈیا کا بتانا ہے کہ اسرائیلی فوج نے جبالیہ پناہ گزین کیمپ، دیرالبلاح، خان یونس پر بھی بمباری کی اور اسرائیلی بمباری میں متعدد فلسطینی شہید اور زخمی ہوئے جبکہ اسرائیلی فوج نے مغربی کنارے کے شہر جنین میں بھی ایک کار پر ڈرون حملہ کر کے دو فلسطینی نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ دوسری جانب اسرائیلی مذاکرات کار آج غزہ جنگ بندی پر مزید بات چیت کیلئے قاہرہ جائیں گے جبکہ امریکی وزیرخارجہ اسرائیلی وزیراعظم اور اسرائیلی حکام سے ملاقات کیلئے آج اسرائیل روانہ ہو رہے ہیں۔

بقیہ نمبر..........48

زیادہ سے زیادہ تعداد میں کاغذات نامزدگی جمع کروائیں۔ سپریم کورٹ نے 4 حلقوں کے کیسز کا فیصلہ کیا تھا۔ بدقسمتی سے ہمارے تحفظات کو نہیں سنا گیا۔ ہمارے درست ووٹوں کو مسترد کیا گیا۔ این اے 79 میں پہلے کوئی دوبارہ گنتی کی درخواست نہیں آئی۔ امید ہے الیکشن کمیشن ہمارے تحفظات سنے گا۔

بقیہ نمبر..........49

اور دیگر ہمسایہ ممالک کے اقتصادی اور تجارتی وفود کے علاوہ شنگھائی تعاون تنظیم سیکرٹریٹ اور سینٹرل ایشین انسٹی ٹیوٹ فار ریجنل اکنامک کوآپریشن جیسی بین الاقوامی تنظیمیں بھی میلے میں شامل ہیں۔ نمائش کے لئے 35 ممالک اور خطوں سے کل 158 غیر ملکی کاروباری اداروں نے دستخط کیے، جو پچھلی نمائش کے مقابلے میں 10 ممالک اور خطوں کا اضافہ ہے، 3,000 سے زائد کمپنیاں، 550 گھریلو نمائش کنندگان اور 313 خریدار بھی تقریب کا حصہ ہیں، جو گزشتہ سیشن کے مقابلے میں 20 فیصد سے زیادہ ہیں۔ نمائش میں ڈیجیٹل اور ہائی ٹیک نمائش زون، ایرو اسپیس انفارمیشن اور نئی توانائی نمائش زون، ٹیکسٹائل اور گارمنٹس، ثقافتی سیاحت کی مصنوعات اور بیرونی سازوسامان کی مصنوعات کی نمائش کا زون، زرعی مصنوعات، تعمیراتی مواد اور گھریلو فرنیچر نمائش کا زون، آٹو موبائل نمائش کا زون اور دیگر نمائشی موضوعات شامل ہیں۔

بقیہ نمبر..........50

مقابلے میں جولائی 2024 کا خسارہ 48 فیصد کم رہا۔ جون 2024 میں جاری کھاتے کا خسارہ 31 کروڑ 30 لاکھ ڈالر رہا تھا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جولائی 2024 کا جاری کھاتے کا خسارہ توقع سے زائد ہے۔ تجارتی خسارہ بڑھنے کی وجہ سے جاری کھاتے پر دبا بڑھ رہا ہے۔ اعداد وشمار میں مزید بتایا گیا ہے کہ جولائی 2024 میں تجارتی خسارہ جون 2024 سے 11 فیصد زائد رہا۔ جولائی 2024 میں تجارتی خسارہ 2.43 ارب ڈالر رہا۔ جون 2024 میں تجارتی خسارہ 2.18 ارب ڈالر تھا۔ جولائی 2023 کے مقابلے میں جولائی 2024 کا تجارتی خسارہ 20 فیصد زائد رہا۔ جولائی 2023 میں تجارتی خسارہ 2.02 ارب ڈالر تھا۔

بقیہ نمبر..........51

ہوئے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شکیل احمد نے شہری منیر احمد کی درخواست پر سماعت کی۔ وفاقی حکومت کے وکیل نے درخواست کی مخالفت کی جبکہ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ ایکٹ کے ذریعے سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی ہے، الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کا اطلاق ماضی سے نہیں ہو سکتا، ایکٹ کو غیر آئینی قرار دیا جائے۔ درخواست میں حتمی فیصلے تک پی ٹی آئی کے علاوہ کسی دوسری جماعت کو مخصوص نشستیں دینے سے روکنے کی استدعا بھی کی گئی ہے۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے موقف اختیار کیا کہ الیکشن ترمیمی ایکٹ کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست بطور اعتراض موجود ہے جبکہ لاہور ہائیکورٹ میں درخواست قابل سماعت ہے۔ الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کے خلاف دائر متفرق درخواست پر لاہور ہائیکورٹ نے وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے 23 اگست تک جواب طلب کر لیا۔

بقیہ نمبر..........52

فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا، ملزمان نے قتل کی سنگین واردات کے بعد نعش کھیتوں میں پھینک دی تھی۔ ملزمان کو اپنی چچا زاد کزن فوزیہ کے امجد نامی شخص سے ناجائز تعلقات کا شبہ تھا۔ انچارج انویسٹی گیشن ہنجروال نے اپنی ٹیم کے ہمراہ روپوش اشتہاری ملزمان کو ٹھوکر سے گرفتار کیا، ملزم کو ہیومن انٹیلی جنس سمیت روایتی اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا، ملزمان کی نشاندہی پر آلہ قتل 12 بور رائفل برآمد کر لی گئی۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری نے کہا کہ ملزمان کو مضبوط چالان مرتب کر کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے شب و روز کوشاں ہیں۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری نے پولیس ٹیم میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں۔

بقیہ نمبر..........53

پروموشن بورڈ نے 25 سی ٹی ڈی کارپورلز کو گریڈ 14 میں بطور انڈر آفیسر ترقی دے دی۔ 13 کارپورلز کو ریگولر جبکہ 12 کو آفیشیٹنگ بنیادوں پر اگلے عہدے پر ترقی دی گئی، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے کارپورلز کی ترقی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ترمیم شدہ رولز کے مطابق سی ٹی ڈی کارپورلز گریڈ 19 تک ترقی کی منازل طے کر سکیں گے۔ آئی جی پنجاب کی ترقی پانے والے تمام کارپورلز کو مبارکباد، مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی دلچسپی سے سی ٹی ڈی کارپورلز کی ترقیوں کا عمل پایہ تکمیل تک پہنچا۔ سی ٹی ڈی کارپورلز ان ترقیوں کا جواب پہلے سے زیادہ محنت اور فرض شناسی سے فرائض کی ادائیگی کی صورت دیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، فرقہ واریت اور شدت پسندی میں ملوث شرپسند عناصر اور انکے سہولت کاروں کا مستقل صفایا یقینی بنایا جائے،

بقیہ نمبر..........54

پروموشن بورڈ نے 25 سی ٹی ڈی کارپورلز کو گریڈ 14 میں بطور انڈر آفیسر ترقی دے دی۔ 13 کارپورلز کو ریگولر جبکہ 12 کو آفیشیٹنگ بنیادوں پر اگلے عہدے پر ترقی دی گئی، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے کارپورلز کی ترقی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ نمبر..........55

سے دو بچوں سمیت 6 افراد اسپتال میں زیر علاج ہیں، تفتیش کی جا رہی ہے زہریلا دودھ کہاں سے آیا۔

بقیہ نمبر..........56

پگھلتے گلیشیئرز کے باعث گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں میں ندی نالوں میں طغیانی کی صورتحال ہے،

سیلاب علاقے میں فصلوں کو بہا کر لے گیا اور درجنوں مکانات کو بھی نقصان پہنچا، جبکہ قراقرم ہائی وے کے علاوہ گلگت۔ شندور روڈ بھی بندش کا شکار ہے۔ حکام کے مطابق قراقرم ہائی وے گلگت سے خنجراب تک متعدد مقامات پر بلاک ہو گیا ہے، گلگت کے جگلوٹ اور ہنزہ کے گاؤں ششکٹ میں کیچڑ کے بہاؤ کے سبب شاہراہ بند ہو گئی ہے، نتیجتاً ہزاروں مسافر بشمول غیر ملکی اور مقامی سیاح پھنس گئے۔ مقامی نالوں کے اوور فلو ہونے کے بعد گلگت غذر روڈ بھی متعدد مقامات پر بلاک ہو گیا، پولیس کے مطابق مختلف نالوں میں سیلابی صورتحال سے سرکاری اور نجی املاک کو نقصان پہنچا۔ سیلاب سے 2 درجن سے زائد مکانات مکمل تباہ ہو گئے جبکہ 3 درجن مکانات کو جزوی نقصان پہنچا۔ سیلاب سے پل، سڑکیں، پانی فراہمی کے چینلز اور بجلی کا نظام بھی متاثر ہوا جبکہ غذر کے کئی دیہات کا آپس میں رابطہ بھی منقطع ہو گیا۔ اسی طرح علی آباد اور ہنزہ کے دیگر علاقوں کے ساتھ ساتھ شگر اور نگر بھی سیلاب سے متاثر ہوا۔ متعدد اضلاع میں تباہی کے بارے میں حکومت کی طرف سے کوئی سرکاری بیان سامنے نہیں آیا۔

Munir Ahmed Dar "Publisher & Chief Editor" Weekly "Layalpur Post" Canada, 418 Coxwell Ave, Toronto Ontario Canada M4L3B7
Canada: Cell: 416-731-3739: 437-237-1014, Email: layalpurpost@gmail.com, munirdar41@gmail.com, munirdar41@yahoo.com

Rg.No. 1546653-9
ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیرالاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار
www.layalpurpost.com
ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
چیف ایڈیٹر پبلشر
منیر احمد ڈار
ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار
جلد نمبر 1 منگل، 20 اگست 2024ء، 14 صفر المظفر 1146ھ، 4 بھادوں 2081 ب م
شمارہ نمبر 41

منکی پوکس کی علامات کیا ہیں؟

2022 کے بعد سے دوسری بار منکی پوکس کو عالمی صحت کے لیے ایمرجنسی قرار دیا گیا ہے کیونکہ یہ وائرس براعظم افریقا میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور اس کے دوسرے براعظموں میں داخل ہونے کا خطرہ ہے۔ عالمی ادارہ صحت نے بدھ کے روز وائرل بیماری کے حوالے سے اپنی اعلیٰ ترین سطح کا الرٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سال افریقا میں 14 ہزار سے زائد کیسز اور 524 اموات پہلے ہی گزشتہ سال کے اعداد و شمار سے زیادہ ہو چکی ہیں۔

منکی پوکس کیا ہے؟ ☆ منکی پوکس ایک وائرل انفیکشن ہے جو بنیادی طور پر انسانوں اور جانوروں کو متاثر کرتا ہے۔ اس کا تعلق وائرس کے اس گروپ سے ہے جسے آرتھوپوکس وائرس جینس کے طور پر درجہ بندی کی گئی ہے۔ یہ عام طور پر پوکس جیسی بیماری کا سبب بنتے ہیں، جس میں جلد پر دھبوں یا چھالوں کے ساتھ دانے شامل ہوتے ہیں۔ دھبے اکثر پس سے بھر جاتے ہیں اور آخر کار خشک ہو کر ٹھیک ہو سکتے ہیں۔

علامات ☆ منکی پوکس کی علامات میں بخار، سر درد، پٹھوں میں درد، اور مخصوص قسم کے دانے شامل ہیں جو چہرے، ہاتھوں، پیروں اور جسم کے دیگر حصوں پر ظاہر ہو سکتے ہیں۔ دانے بالآخر شفا یابی سے پہلے پسٹیول (آبلے) اور خارش بناتے ہیں۔ پسٹیول جو ایک بڑے سفید یا پیلے دانے کی طرح لگتا ہے جلد پر ایک چھوٹا سا، اونچا دھبہ ہے جو پس سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ لیمف نوڈز، لوبیا کی شکل کے غدود جو مدافعتی نظام کا حصہ ہیں، وائرس سے لڑنے کی کوشش کرتے وقت بھی پھول سکتے ہیں۔ ان میں سے کچھ جگہیں جو واقع ہیں ان میں دونوں بازوں کے نیچے، اور گردن کے اطراف اور پیچھے شامل ہیں۔ شاذ و نادر صورتوں میں، انفیکشن مہلک ہو سکتا ہے۔

دورانیہ ☆ مجموعی طور پر، ایک انفیکشن دو سے چار ہفتوں تک رہ سکتا ہے۔ وائرس کے سامنے آنے کے بعد علامات ظاہر ہونے میں تین سے 21 دن لگ سکتے ہیں۔ تاہم، ایک شخص علامات ظاہر ہونے سے ایک سے چار دن پہلے دوسروں کو بیماری منتقل کر سکتا ہے۔

زبان سے بیماریوں کا پتہ لگانے والا اے آئی ماڈل تیار



بغداد: عراق اور آسٹریلیا کے ماہرین نے ایسی اے آئی ٹیکنالوجی تیار کی ہے جو زبان کو دیکھ کر بیماریوں کی تشخیص کر سکتی ہے۔ عراق اور آسٹریلیا کے محققین کا کہنا ہے کہ انہوں نے ایک ایسا کمپیوٹر الگورتھم تیار کیا ہے جو کسی شخص کی زبان کے رنگ کا تجزیہ کر کے اس شخص کی 98 فیصد درستگی کے ساتھ طبی حالت کا پتہ لگا سکتا ہے۔ بغداد کی مڈل ٹیکنیکل یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف ساتھ آسٹریلیا میں محققین اور سینیئر مصنف علی النجی کا کہنا تھا کہ عام طور پر ذیابیطس کے شکار لوگوں کی زبان پیلی ہوتی ہے۔ کینسر کے مریضوں کی جامنی زبان جس میں موٹی چکنائی کی کوٹنگ ہوتی ہے اور شدید فالج کے مریضوں کی زبان غیر معمولی شکل کی سرخ زبان ہوتی ہے۔ دوسری جانب سفید زبان خون کی کمی کی نشاندہی کر سکتی ہے۔ جن لوگوں کو COVID-19 کے سنگین معاملات درپیش ہوتے ہیں ان کی زبان گہری سرخ ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ اسی طرح انڈیگو یا بنفشی رنگ کی زبان عروقی اور معدے کے مسائل یا دمہ کی نشاندہی کرتی ہے۔ النجی کا کہنا تھا کہ انکا مجوزہ اے آئی امیجنگ سسٹم بیماری کی علامات کیلئے زبان کا معائنہ کرنے کے روایتی چینی طِب کی نقل کرتا ہے۔

نئی دماغی کمپیوٹر ٹیکنالوجی نے شہری کو بولنے کے قابل بنا دیا

نیویارک: امریکا میں ایک شہری جو بولنے سے قاصر ہو چکے تھا حال ہی میں نئی برین کمپیوٹر ٹیکنالوجی کی مدد سے بولنے کے قابل ہو گیا۔ 45 سالہ کیسی ہیرل امیوٹروفک لیٹرل اسکلیر وسیس) اے ایل ایس (مرض کی وجہ سے بولنے کی صلاحیت کھو چکے تھے، اس بیماری کو Lou Gehrig کی بیماری بھی کہا جاتا ہے۔ کیسی ہیرل کا کہنا تھا کہ کمیونیکیشن نہ کر پانا بہت مایوس کن اور حوصلہ شکن ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ آپ وقت کے دھارے میں رک گئے ہیں تاہم ایک نیا دماغی کمپیوٹر انٹرفیس ہیرل کو ایک بار پھر دوسروں سے بات کرنے کے قابل بنا رہا ہے، ہیرل کا دماغ الفاظ فراہم کرتا ہے اور ایک کمپیوٹر انہیں آواز کی شکل میں خارج کر دیتا ہے۔ دماغی خطہ میں لگائے گئے چار مائیکرو الیکٹروڈ تقریر کو مربوط کرنے کے لیے ذمہ دار ہوتے ہیں اور ان الفاظ کا پتہ لگاتے ہیں جو ہیرل کہنا چاہتا ہے اور حاصل کردہ معلومات کمپیوٹر پروگرام کو منتقل کر دیتے ہیں جو معلومات کو آواز میں تبدیل کر کے خارج کر دیتا ہے۔

یادداشت بہتر بنانے کیلئے رات کو اچھی نیند لینا ضروری ہے، ماہرین

نیویارک: ایک نئی تحقیق میں کہا گیا ہے کہ لوگوں کو نئی یادیں محفوظ کرنے کیلئے رات میں اچھی نیند لینا بہت ضروری ہے۔ محققین نے سائنس جریدے میں رپورٹ کیا کہ دماغی خلیے نیورانز جو دن کے دوران نئی یادیں محفوظ کرنے میں مدد دیتے ہیں، جب فرد رات کو بہتر نیند لیتا ہے تو یہ خلیے دوبارہ خود کو نئے سرے سے ترتیب دیتے ہیں۔ نیویارک میں واقع کورنیل یونیورسٹی میں نیوروبائیولوجی اور رویے کی اسسٹنٹ پروفیسر زہارا اولیوا نے کہا کہ یہ طریقہ کار دماغ کو اگلے دن نئی یادیں اور تجربات سیکھنے کے لیے نیورانز کو دوبارہ استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ عمل دماغ کے خطے ہپوکیمپس کے گرد گھومتا ہے۔ یہ دماغ کا ایک ایسا خطہ ہے جو انسانوں میں یادیں ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کے لیے اہم ہے۔ کچھ سیکھنا یا کسی نئے تجربے میں مشغول ہونا ہپوکیمپس میں نیوران کو متحرک کرتا ہے اور واقعات کو یادوں کی صورت میں محفوظ کرتا ہے۔

ہائی بلڈ پریشر اور الزائمر میں تعلق کا انکشاف

نیو ساتھ ویلز: نئی تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ 60 کی دہائی میں ہائی بلڈ پریشر کا علاج نہ کرنے سے بعد میں الزائمر کی بیماری کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ عالمی تحقیق سے پتا چلا ہے کہ بلڈ پریشر کی ادویات لینے سے بعد کی زندگی میں الزائمر کی بیماری کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ آسٹریلیا میں یونیورسٹی آف نیو ساتھ ویلز کے مطالعہ کے مرکزی مصنف ڈاکٹر میتھیو لینن نے کہا کہ یہ نتائج بتاتے ہیں کہ ایک شخص کی عمر کے ساتھ ہائی بلڈ پریشر کا علاج الزائمر کی بیماری کے خطرے کو کم کرنے میں ایک اہم عنصر ہے۔ یہ نتائج جرنل نیورولوجی میں شائع ہوئے ہیں۔

کیٹو ڈائٹ لبلبے کے سرطان کے علاج میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے، تحقیق

سان فرانسسکو: ایک ابتدائی تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ کینسر کی دوا اور کیٹو ڈائٹ لبلبے کے سرطان کا علاج کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ محققین کے مطابق ان کی نئی تحقیق ایک کمزوری کی نشاندہی کرتی ہے جو ممکنہ طور پر اس مہلک ترین پر کینسر کی عام قسم کے نئے علاج کا باعث بن سکتی ہے۔ اس بیماری میں مبتلا صرف 5 فیصد افراد تشخیص کے بعد ایک دہائی تک زندہ رہتے ہیں۔ پینکریاٹک کینسر یو کے نے مریضوں پر زور دیا کہ وہ اپنی خوراک میں کوئی بنیادی تبدیلی نہ کریں۔ ادارے کا کہنا تھا کہ یہ تحقیق ابھی ابتدائی مراحل میں ہے اور لبلبے کے کینسر میں مبتلا انسانوں پر ابھی تک اس دوا کا تجربہ نہیں کیا گیا ہے۔ کیٹو ڈائٹ ایک کم کارب اور بھرپور چکنائی پر مشتمل غذا کا ایک منصوبہ ہے جو آپ کے جسم کو چربی گھلانے کے لئے بہترین میٹابولک حالت میں رکھنے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے، جسے کیٹوسس کہا جاتا ہے۔ ایک روایتی کیٹو غذا اعلیٰ معیار کے گوشت، دہی اور پنیر پر مشتمل ہوتی ہے۔ محققین نے ابتدائی طور پر اس بات کی جانچ پڑتال کی کہ فاقے کے دوران جسم چکنائی پر کس طرح انحصار کرتا ہے۔ محققین نے دریافت کیا کہ ایک پروٹین جسے یوکیریوٹک ٹرانسلیشن انیشی ایٹو فیکٹر (ای آئی ایف 4ای) کہا جاتا ہے، جسم کے میٹابولزم کو تبدیل کر کے فاقے کے دوران چکنائی کی کھپت میں تبدیل کرتا ہے۔ یہی تبدیلی اس وقت بھی ہوتی ہے جب کوئی جانور کیٹوجینک غذا پر ہوتا ہے وہ غذا جو بھرپور چکنائی اور کم کاربوہائیڈریٹ پر مبنی ہوتی ہے۔ امریکا کی یو سی سان فرانسسکو سے تعلق رکھنے والی ایک ٹیم کو معلوم ہوا کہ کینسر کی ایک نئی دوا جسے ای ایف ٹی 508 کہا جاتا ہے، جو فی الحال کلینیکل ٹرائلز میں ہے، نے اس پروٹین کو روک دیا، جس سے جسم کو چربی کو میٹابولزم کرنے سے روکا گیا۔ چوہوں پر کیے جانے والے مطالعے میں محققین کو معلوم ہوا کہ جب کینسر تھراپی چربی کے میٹابولزم کو روکتی ہے، جو چوہوں کو کیٹوجینک غذا پر رہنے تک ٹیومر کے ایندھن کا واحد ذریعہ ہے، تو کینسر بڑھنا بند ہو جاتا ہے۔

کولیسٹرول سے نجات کے قدرتی طریقے

جدید طبی تحقیقات اور سائنسی ایجادات نے جہاں بہت سی بدنی سہولیات مہیا کی ہیں، وہیں بے شمار ذہنی و روحانی مسائل بھی پیدا کیے ہیں۔ جدید ادویات کی دریافت سے لاتعداد جسمانی الجھنوں سے انسان کو چھٹکارا تو میسر آیا ہے لیکن مبینہ طور پر ادویات کے سائیڈ ایفیکٹس سے مزید بیماریاں بھی انسانی بدن پر مسلط ہو رہی ہیں۔ بنیادی طور پر فلسفہ علاج اور ادویات کے استعمال کا مقصد ہی یہ ہے کہ انسان کو بدنی، ذہنی اور روحانی لحاظ سے صحت مند اور تن درست رکھا جا سکے۔ فی زمانہ معالجین کی کثیر تعداد ادویات فروشی کی روش پر چل پڑی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی خوش قسمت انسان ہی ہوگا جو دن میں کئی ادویات استعمال کیے بغیر صبح و شام کرتا ہو۔ اصول علاج کے تحت علاج و ادویات کا مطلب بیماریوں سے نجات حاصل کرنا ہے، لیکن ہمارے ہاں معالجین مریضوں کو دوا ہمیشہ استعمال کرنے کی تاکید تو کرتے ہیں لیکن غذا کے مفید و موثر استعمال کے متعلق کم ہی مشورہ دیتے ہیں۔ طبی ماہرین کے نزدیک دوا بطور مکینک کے کام کرتی ہے، بدنی اعضا کے تحت سرانجام پانے والے افعال و اعمال کی خرابی دور کرنے اور ان کی کارکردگی کو بحال کرنے کے کام آتی ہے۔ جبکہ روزمرہ استعمال کی جانیوالی خوراک بطور ایندھن ہمیں توانائی مہیا کرتی ہے اور ہمارے بدن کے مختلف اعضا میں ہونیوالی اکثر خرابیوں کو دور کرنیکی ذمے دار سمجھی جاتی ہے، جبکہ ہمارے بدن پر مسلط ہونے والی زیادہ بیماریوں کا سبب بھی ہماری روزمرہ خوراک ہی مانی جاتی ہے۔ ماہرین غذا کے بقول موسمی تقاضوں کے مطابق متوازن، متناسب اور مقوی غذاؤں کا استعمال ہمیں تادیر صحت مند، جوان اور خوبصورت رکھنے میں بنیادی کردار نبھاتا ہے۔ اب یہ روزمرہ غذا کے انتخاب اور استعمال کے وقت ہمیں خود ہی طے کرنا ہوتا ہے کہ ہم نے صحت مند و توانا رہنا ہے یا بیماریوں کو دعوت دینا ہے۔ ہماری خوراک میں وہ تمام عناصر قدرتی طور پر شامل ہوتے ہیں جن کی ایک خاص مقدار جسم کو تندرست و توانا رکھتی ہے جبکہ انہی عناصر کی مطلوبہ مقداروں میں غیر ضروری حد تک کمی یا زیادتی ہی خطرناک اور مہلک امراض کی پیدائش و افزائش کا باعث بنتی ہے۔ جیسا کہ کولیسٹرول، یورک ایسڈ اور شوگر وغیرہ کی مطلوبہ مقداروں میں جب کمی یا زیادتی واقع ہوتی ہے تو مرض حملہ آور ہو کر ایک تن درست انسان کو بیماری کے منہ میں دھکیل دیتا ہے۔ ایک بات تو طے ہے کہ تن درستی اور صحت مندی کا دارومدار اور مکمل انحصار بدن انسانی میں پائے جانے والے انہی عناصر کے توازن پر ہوتا ہے۔ اس لیے موجودہ دور کے جدید امراض کی موجودگی میں ہم پر لازم ہے کہ ہم اپنی غذا کے انتخاب اور استعمال سے پہلے کسی ماہر غذائیت سے اپنی جسمانی ضروریات کے مطابق متوازن، متناسب اور مقوی خوراک کے بارے میں مشاورت کر لیں تاکہ بعد ازاں جسمانی عوارض سے محفوظ رہا جا سکے۔ ہائی بلڈ پریشر، ہارٹ اٹیک، انجائینا، فالج اور برین ہیمرج موجودہ دور کے بڑے امراض ہیں اور یہ انسانی زندگی کے لیے خطرناک ہیں۔ مذکورہ بالا امراض پیدا کرنے میں کولیسٹرول سب سے بڑا فیکٹر ہے۔

کولیسٹرول کیا ہے؟

کولیسٹرول ایک چربیلا، نرم اور ملائم مادہ ہے۔ اس کی مخصوص مقدار انسانی تندرستی کے لیے لازمی سمجھی جاتی ہے۔ جبکہ اس کی غیر ضروری اضافی مقدار خون کی نالیوں (شریانوں) کی دیواروں کے ساتھ جم کر انہیں تنگ اور سخت کرنیکا سبب بنتی ہے۔

Show Biz
شوبز کارنر

SPORTS
کھیل کھلاڑی

عامر خان سے طلاق، کرن راؤ کی زندگی پر کوئی اثر نہ پڑا

طلاق کے بعد دونوں کی پیشہ ورانہ زندگی بالکل متاثر نہیں ہوئی

ممبئی (این این آئی) کچھ عرصے قبل تک بھارتی فلم انڈسٹری کی نامور جوڑیوں میں شمار ہونے والی عامر خان اور کرن راؤ کی جوڑی ٹوٹنے کا دکھ انکے چاہنے والوں کو خوب ہوا تھا۔ لیکن کیا آپ کو معلوم ہ کہ بھارتی فلم پروڈیوسر اور اسکرین رائٹر کرن راؤ کا کہنا ہے کہ انہیں اور عامر کو اپنے تعلقات کی وضاحت کے لیے کسی کاغذ کی ضرورت نہیں ہے۔ فلم 'لاپتا لیڈیز' کی ہدایت کار کرن راؤ نے حالیہ انٹرویو میں بات کرتے ہوئے اپنی اور عامر خان کی طلاق پر بات کی اور یہ واضح کیا وہ طلاق کے بعد بھی بے انتہا خوش ہیں۔

کترینہ کیف کی نیوٹریشنسٹ نے اداکارہ کی فٹنس کا راز بتا دیا

اداکارہ خود کو چست رکھنے کیلئے روزانہ دوپہر اور رات کے کھانے کے بعد 100 قدم لازمی چلتی ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ کترینہ کیف کی نیوٹریشنسٹ نے اداکارہ کی ڈائٹ پلان سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ جیسا کہ سب ہی جانتے ہیں کترینہ کیف کا شمار ان فٹ اداکاراؤں میں ہوتا ہے جو سخت ڈائٹنگ کے ساتھ ساتھ ورزش بھی پابندی سے کرتی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں کترینہ کیف کی نیوٹریشنسٹ (ماہر غذائیت) شویتا شاہ اور یوگا ٹرینر شلوکا نے انٹرویو دیتے ہوئے کترینہ کیف کی ڈائٹنگ کے حوالے سے بتایا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ گھر کے بنے کھانے کو ترجیح دیتی ہیں اور باہر کے کھانوں سے گریز کرتی ہیں۔

جس کو کام مل رہا ہے کرنے دو، تنقید پر اکشے کمار کا جواب

میں ایک سال میں چار چار فلمیں کیوں کرتا ہوں، اکشے کمار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار اکشے کمار نے سال میں چار فلمیں کرنے پر تنقید کرنے والوں کو جواب دے دیا۔ بھارتی میڈیا سے اپنے کیریئر پر گفتگو کرتے ہوئے اکشے کمار نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ میں ایک سال میں چار چار فلمیں کیوں کرتا ہوں، اس کے بجائے ایک فلم پر توجہ مرکوز کروں۔ انہوں نے کہا کہ چلو میں ایک فلم کر لیتا ہوں تو باقی دن کیا کروں؟ تیرے گھر میں آ جاؤں؟۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے لوگ دوسروں کو کہتے ہیں کہ یہ بہت کام کرتے ہیں تو بیٹا یاد رکھنا وہ لوگ خوش قسمت ہیں جنھیں کام مل رہا ہے،

مجھے لنگڑا گھوڑا کہا گیا، بابر علی نے زندگی کا غمگین لمحہ بتا دیا

ایک فلم کی شوٹنگ کے دوران میرا گڈانی شپ یارڈ میں ایکسیڈنٹ ہوا

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار بابر علی کا کہنا ہے کہ گڈانی شپ یارڈ میں میرا ایکسیڈنٹ ہونا میری زندگی کا سب سے غمگین لمحہ ہے۔ اداکار بابر علی حال ہی میں ایک نجی ٹی وی شو میں شریک ہوئے جس دوران میزبان و شاعر وصی شاہ نے ان سے سوال کیا کہ آپ کی زندگی کا سب سے غمگین یا تکلیف دہ لمحہ کون سا ہے؟ سوال کے جواب میں بابر علی نے بتایا کہ 'ایک فلم کی شوٹنگ کے دوران میرا گڈانی شپ یارڈ میں ایکسیڈنٹ ہوا اور میں 110 فٹ سے نیچے گر گیا، اس حادثے میں میرے پاؤں کی ہڈیاں بری طرح ٹوٹ گئی تھیں، ایکسیڈنٹ کے بعد 3 ماہ تک بیڈ ریسٹ پر رہا۔

مداحوں کا انتظار ختم، سلمان اور سنجے 12 سال بعد پھر ساتھ آنے کیلئے تیار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے مشہور اداکار سلمان خان اور سنجے دت 12 سال بعد دوبارہ ایک ساتھ اسکرین پر نظر آنے کیلئے تیار ہیں۔ دونوں اداکار آخری مرتبہ سپر ہٹ فلم ''سن آف سردار'' میں نظر آئے جہاں سنجے دت مرکزی کردار جبکہ سلمان خان انکے ساتھ ایک گیت میں دکھائی دیے۔ تاہم اب امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ دونوں اسٹار پھر سے ایک ساتھ 'نظر پھر سے ایک' گیت میں نظر آئیں گے اور یہ گانا گلوکار اے پی ڈھلوں کی میوزک ویڈیو ہے جس کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دونوں اداکار اپنے مداحوں کی خواہش پوری کرنے کے لیے تیار ہیں۔ سلمان کے فارم ہاؤس میں پروجیکٹ کو حتمی شکل دینے کیلئے اداکار اور گلوکار کے درمیان ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔

مشکل قسم کی انسان ہوں، اس لیے اکیلی ہوں، یمنیٰ زیدی

تاحال سنگل ہونے کا سبب عجیب ہے لیکن وہ تنہا زندگی گزارنے پر مجھے فخر ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ یمنیٰ زیدی نے کہا ہے کہ میرا مزاج تھوڑا الگ اور مشکل ہے اس لیے اب تک اکیلی ہوں۔ تفصیلات کے مطابق امریکی ریاست ڈیلاس میں ڈرامہ سیریل تیرے بن کی مرکزی کاسٹ اداکارہ یمنیٰ زیدی اور اداکار وہاج علی نے اپنے چاہنے والوں سے ملاقات کی۔ اس میٹ اینڈ گریٹ سیشن کے دوران ایک مداح نے اداکارہ سے سوال کیا کہ وہ اب تک سنگل کیوں ہیں؟ مداح کے سوال کا جواب دیتے ہوئے اداکارہ نے خود کو مشکل انسان قرار دیتے ہوئے کہا کہ شاید میرا مزاج تھوڑا الگ اور مشکل ہے۔

میں نے جان بوجھ کر کم کمرشل فلموں کا انتخاب کیا، جھانوی کپور

کمرشل کی جگہ رسکی فلموں کا چناؤ کیا جس میں کامیابی کم اور ناکامی زیادہ ہے



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی نوجوان اور ابھرتی ہوئی اداکارہ جھانوی کپور نے کہا ہے کہ انکے کیریئر میں ہٹ سے زیادہ ناکام فلمیں ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ میں نے رسکی فلموں کا انتخاب کیا، بڑی کمرشل فلمیں کر سکتی تھی۔ واضح رہے کہ بالی ووڈ کے معروف پروڈیوسر بونی کپور اور آنجہانی اداکارہ سری دیوی کی بیٹی 27 سالہ جھانوی کپور نے اپنے بالی ووڈ کیریئر کا آغاز اداکار ایشان کھٹر کے ساتھ فلم 'دھک دھک' سے کیا۔ وہ 2 اگست کو ریلیز ہونے والی اپنی آئندہ فلم الجھ میں نظر آئیں گی، جس کی پروموشن کیلیے ان دنوں وہ کافی مصروف ہیں۔ بھارتی میڈیا کے ساتھ اپنے ایک انٹرویو میں جانہوی نے اپنے اب تک کے کیریئر میں فلموں کے چناؤ پر گفتگو کی۔ انکا کہنا تھا کہ انھوں نے جان بوجھ کر کم کمرشل فلموں کا انتخاب کیا۔

پاکستان شاہینز نے اے سی ٹی کومیٹس کو 91 رنز سے ہرا دیا

عرفان خان کی شاندار سنچری۔ عارف یعقوب کی چار اور عرفات منہاس کی تین وکٹیں

ڈارون (این این آئی) پاکستان شاہینز نے ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں اے سی ٹی کومیٹس کو 91 رنز سے شکست دے دی۔ اس میچ کی نمایاں بات محمد عرفان خان کی سنچری اور اسپنرز کی عمدہ کارکردگی تھی جن میں لیگ اسپنر عارف یعقوب چار وکٹوں کے ساتھ نمایاں رہے، یہ اس ٹورنامنٹ میں پاکستان شاہینز کی چھ میچوں میں پانچویں کامیابی ہے۔ اس سے قبل پاکستان شاہینز، پرتھ اسکارچرز کو 17 رنز سے تسمانیہ ٹائیگرز کو 5 وکٹوں سے میلبرن رینیگیڈز کو 4 وکٹوں سے اور بنگلہ دیش اے کو 3 وکٹوں سے ہرا چکی ہے۔ ہفتے کے روز کھیلے گئے میچ میں پاکستان شاہینز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور 6 وکٹوں کے نقصان پر 202 رنز بنائے، جواب میں اے سی ٹی کومیٹس 16.1 اوورز میں 111 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ پاکستان شاہینز کی اننگز میں محمد عرفان خان نے جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے 56 گیندوں پر 106 رنز اسکور کیے جس میں 14 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔

کیا وقار یونس کپتان کی تقرری کر سکتے ہیں؟ اہم فیصلے کا اختیار کس کے پاس ہے!

چیئرمین محسن نقوی کے کنسلٹنٹ وقار یونس کے پاس پاکستان کی تمام کرکٹ چلانے کا مینڈیٹ ہے

لاہور (سی ایم لنکس) سابق کپتان وقار یونس نے اہم اختیارات کیساتھ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کا اہم عہدہ سنبھال لیا تاہم کپتان کی تقرری کا فیصلہ چیئرمین ہی کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) چیئرمین محسن نقوی کے کنسلٹنٹ وقار یونس کے پاس پاکستان کی تمام کرکٹ چلانے کا مینڈیٹ ہے تاہم کپتان کی تقرری کا اختیار چیئرمین کے پاس ہوگا۔ پی سی بی کنسلٹنٹ کرکٹ سے متعلق معاملات چلائیں گے جبکہ کوچ اپنی سفارشات چیئرمین محسن نقوی کو دیں گے اور چیئرمین کپتان کا نام فائنل کریں گے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ وائٹ بال کے ہیڈ کوچ گیری کرسٹن اور ٹیسٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی کپتان کے حوالے سے فیصلہ کریں گے۔ ٹیسٹ ٹیم کی قیادت شان مسعود جاری رکھیں گے جبکہ ٹی 20 ورلڈکپ میں بدترین کارکردگی کے باوجود بابر اعظم کے مستقبل کا فیصلہ مزید تاخیر کا شکار ہے اور سرجری کا دعویٰ محض وہاب ریاض اور عبدالرزاق تک سمٹ چکا ہے۔ نومبر میں پاکستانی ٹیم ون ڈے اور ٹی 20 انٹرنیشنل سیریز کیلئے آسٹریلیا روانہ ہوگی۔

nni
Equal playin field for girls

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کا لاہور کالج ویمن یونیورسٹی میں ایمرجنگ ٹیلنٹ باسکٹ بال ویمن ٹورنامنٹ 2024 میں کھلاڑیوں سے تعارف کروایا جا رہا ہے۔ (فوٹو این این آئی)

فٹ بال ورلڈ کپ 2034 کا انعقاد پانچ سعودی شہروں کے 15 سٹیڈیمز میں ہوگا

افتتاحی اور اختتامی میچ ریاض میں کنگ سلمان سٹیڈیم میں ہوں گے

ریاض (سی ایم لنکس) سعودی عرب نے فٹ بال ورلڈ کپ 2034 کی میزبانی کے لیے اپنے منصوبے کا انکشاف کیا ہے۔ سعودی عرب نے اپنے منصوبے کی تفصیلات میں انکشاف کیا کہ پانچ سعودی شہر ٹورنامنٹ کے مقابلوں کی میزبانی کریں گے۔ 15 سٹیڈیمز میں 48 ٹیموں کے درمیان مقابلے ہوں گے۔ خاص طور پر ریاض کا کنگ سلمان سٹیڈیم ورلڈ کپ کے افتتاحی تقریب اور فائنل میچوں کی میزبانی کرے گا۔ سعودی نیوز ایجنسی نے سعودی پیش کش کی تفصیلات بتاتے ہوئے واضح کیا کہ ورلڈ کپ پانچ شہروں ریاض، جدہ، الخبر، ابھا اور نیوم میں منعقد ہوگا۔ یہ میچز مذکورہ شہروں کے 15 سٹیڈیموں میں ہوں گے۔ خاص طور پر نیو کنگ سلمان سٹیڈیم ہے جو دارالحکومت ریاض کے شمال میں ہے اور اسی سٹیڈیم میں 2034 کے ورلڈ کپ کی افتتاحی تقریب اور اختتامی میچوں کا انعقاد ہوگا۔ یہ سٹیڈیم سعودی قومی ٹیم کا نیا گھر بن جائے گا۔ ریاض میں خاص طور پر قدیہ کے علاقے میں شہزادہ محمد بن سلمان سٹیڈیم میں بھی میچز کا انعقاد رکھا گیا ہے۔ یہ سٹیڈیم کوہ طویق کی چوٹیوں میں سے ایک پر واقع ہے۔ ریاض میں میچوں کی میزبانی کرنے والے سٹیڈیمز میں مشہور کنگ فہد سپورٹس سٹی سٹیڈیم بھی ہے۔ اسے جدید ترین بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کیا جائے گا اور اس کی گنجائش 70 ہزار سے زیادہ تماشائیوں تک بڑھائی جائے گی۔ سعودی بولی میں کنگ سعود یونیورسٹی کا سٹیڈیم، نیو سکوائر سٹیڈیم، شہزادہ فیصل بن فہد سپورٹس سٹی سٹیڈیم، روشن سٹیڈیم اور ساؤتھ ریاض سٹیڈیم بھی شامل ہیں۔

پشاور: ایڈیشنل سیکرٹری سپورٹس پیر عبداللہ شاہ کاظم اضلاع انٹر اکیڈمیز گیمز کے موقع پر کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو۔ (فوٹو این این آئی)

بنگلادیش کیخلاف پہلا ٹیسٹ، ابرار احمد اور کامران غلام کو اسکواڈ سے ریلیز کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم مینجمنٹ نے بنگلادیش کے خلاف 21 اگست سے شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ میں مکمل پیس اٹیک کے ساتھ میدان میں اترنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے کے نتیجے میں اسپنر ابرار احمد اور ٹاپ آرڈر بیٹر کامران غلام کو ٹیسٹ اسکواڈ سے ریلیز کرتے ہوئے پاکستان شاہینز کے اسکواڈ میں شامل کر لیا گیا ہے۔ ابرار احمد جو پاکستان ٹیسٹ سائیڈ کا حصہ تھے، اب بنگلادیش اے کے خلاف پاکستان شاہینز کی نمائندگی کریں گے، یہ چار روزہ میچ 20 اگست کو اسلام آباد کلب میں شروع ہوگا۔ سلیکٹرز نے ابرار احمد کو ٹیسٹ میں بینچ پر بٹھانے کے بجائے شاہینز اسکواڈ میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ وہ 30 اگست سے شروع ہونے والے دوسرے ٹیسٹ سے قبل میچ پریکٹس حاصل کر سکیں۔ کامران غلام کو بھی پاکستان ٹیسٹ اسکواڈ سے ریلیز کرتے ہوئے شاہینز کے لیے برقرار رکھا گیا ہے اور انہیں دوسرے 4 روزہ میچ کیلئے کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ دوسرے 4 روزہ میچ کے اختتام کے بعد ابرار احمد اور کامران غلام دوبارہ ٹیسٹ اسکواڈ جوائن کر لیں گے۔

اسلام آباد پہلی بار آیا ہوں، یہاں سہولتیں اچھی ہیں، کرکٹر مشفیق الرحیم

پاکستان شاہینز بہت اچھا کھیلی، خصوصاً عمر امین کی بیٹنگ بہت اچھی رہی

اسلام آباد (این این آئی) بنگلادیش کے کرکٹر مشفیق الرحیم نے کہا ہے کہ اسلام آباد پہلی بار آیا ہوں، خوبصورت ہے اور یہاں سہولتیں بھی اچھی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مشفیق الرحیم نے کہا کہ پاکستان شاہینز بہت اچھا کھیلی، خصوصاً عمر امین کی بیٹنگ بہت اچھی رہی، نسیم شاہ اور محمد علی کی کارکردگی بھی اچھی رہی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ٹیم میں نوجوان کھلاڑی ہیں جنہیں یقیناً سیکھنے کا موقع ملا ہوگا، ہمارے دو ٹیسٹ میچز ہیں اس اسکواڈ کے کھلاڑیوں کو بہت فائدہ ہوگا۔ مشفیق الرحیم نے کہا کہ بارش کے باعث ہمیں پہلے دو روز پریکٹس کا موقع نہیں ملا، نیٹ سیشن ہوا تھا، انگلی کی تکلیف کے سبب دوسری اننگز میں بیٹنگ نہیں کر سکا۔

راولپنڈی ٹیسٹ کیلئے پچ گزشتہ چند برس کے برعکس بنائی جا رہی ہے

قومی ٹیم کی فاسٹ بولنگ لائن شاہین شاہ آفریدی، میر حمزہ، نسیم شاہ اور خرم شہزاد پر مشتمل ہوں گی

راولپنڈی (این این آئی) بنگلادیش کے خلاف راولپنڈی ٹیسٹ کیلئے پچ گزشتہ چند برس کے برعکس بنائی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی ٹیسٹ کیلئے پچ پر ہلکی گھاس چھوڑی جائے گی، پاکستان بھی 4 فاسٹ بولرز کے ساتھ بنگلادیش کے خلاف میدان میں اترے گا۔ ذرائع کے مطابق قومی ٹیم کی فاسٹ بولنگ لائن شاہین شاہ آفریدی، میر حمزہ، نسیم شاہ اور خرم شہزاد پر مشتمل ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی ٹیسٹ میں فاسٹ بولر عامر جمال کے کھیلنے کے امکانات کم ہیں، اُن کا تاحال فٹنس ٹیسٹ نہیں لیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق عامر جمال نے نیٹ میں بولنگ اور بیٹنگ شروع کر دی ہے، میچ کی فائنل الیون میں کپتان شان مسعود، محمد ہریرہ، عبداللہ شفیق، بابر اعظم، سعود شکیل، سلمان آغا بھی شامل ہیں۔

لاہور: لاہور کالج ویمن یونیورسٹی میں ایمرجنگ ٹیلنٹ باسکٹ بال ویمن ٹورنامنٹ 2024 میں شریک کھلاڑی ٹرافی کے ہمراہ سیلفی لے رہی ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

حکومت بجلی کیلئے ایک سال کیلئے ریلیف کا اعلان کرے

عوام کو خیرات نہیں اپنا حق چاہیے، عوام بیدار ہو چکے ہیں اپنا حق لیکر رہیں گے، طاہر ایوب

28 اگست کو تاجروں کی ملک گیر ہڑتال کی حمایت کرینگے، پروفیسر محبوب الزمان بٹ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے راہنماؤں پروفیسر محبوب الزماں بٹ، میاں طاہر ایوب، شیخ محمد مشتاق نے پنجاب حکومت کی طرف سے اگلے دو ماہ کیلئے بجلی بلوں میں 14 روپے فی یونٹ کمی کرنے کے فیصلہ کو مسترد کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت ملک بھر میں عوام سے لاگت کے مطابق بجلی کی قیمت وصول کرنے اور پورے ملک میں ایک سال کیلئے ریلیف کا اعلان کرے۔ عوام کو خیرات نہیں اپنا حق چاہیے۔ 28 اگست کو تاجروں کی ملک گیر ہڑتال کی حمایت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام بیدار ہو چکے ہیں، اپنا حق لے کر رہیں گے، حکومت کو آئی پی پیز کو لگام دینا پڑے گی۔ جماعت اسلامی نے پچیس کروڑ عوام کی ترجمانی کی ہے۔ جماعت اسلامی نے پرامن جمہوری سیاسی جدو جہد کے ذریعے پاکستان کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے ملک کے عوام کو امید کی نئی کرن دی ہے، عوام کو لٹیروں اور غاصبوں کے تسلط سے نجات دلائیں گے۔ حق دو عوام کو تحریک سارے چور ڈاکوؤں کو اٹھا کر پھینک دے گی۔ معاہدہ پورا ہونے میں 35 دن رہ گئے، معاہدے پر عملدرآمد ہو گیا تو ٹھیک ورنہ ہر راستہ، ہر قافلہ اسلام آباد کا رخ کرے گا۔

فیصل آباد۔ چیئرپرسن چیف منسٹر ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول سلمی بٹ سبزی منڈی میں سبزیوں کی بولی کے عمل کی نگرانی کر رہی ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر رنگزیب گورایہ بھی ہمراہ ہیں

ایف ڈی اے کا 5 ہزار پودے لگانے کا ہدف مقرر

شجرکاری مہم کو نتیجہ خیز بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی، اہداف سے بڑھ کر پودے لگانے کے مشن کو مکمل کریں گے

ماحول کو فضائی آلودگی سے پاک رکھنے کیلئے درخت قدرتی مشین کا کام کرتے ہیں، آصف چوہدری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ایف ڈی اے کے زیراہتمام رواں شجرکاری مہم کے دوران پانچ ہزار پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ یہ بات ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے مون سون شجرکاری مہم کے حوالے سے ایف ڈی اے سٹی میں پودا لگاتے ہوئے بتائی۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے دلاور خاں چدھڑ، چیف انجینئر مہر ایوب، ڈائریکٹر فنانس یاسر اعجاز چٹھہ، انچارج ہارٹیکلچر رانا سجاد و دیگر افسران اس موقع پر موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے کے ہمراہ دیگر افسران نے بھی ایف ڈی اے سٹی بلاک اے سیون کے سنٹرل پارک میں سکھ چین، ٹرمینلیا اور دیگر اقسام کے پودے لگائے اور اس عزم کا اظہار کیا کہ شجرکاری مہم کو نتیجہ خیز بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی اس سلسلے میں اہداف سے بڑھ کر پودے لگانے کے مشن کو مکمل کریں گے جس کیلئے نجی شعبہ کو بھی متحرک کیا جا رہا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے درختوں کی اہمیت و افادیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ماحول کو فضائی آلودگی سے پاک رکھنے کے لئے درخت قدرتی مشین کا کام کرتے ہیں، انسانی بقا کیلئے دھرتی پر ان کا وجود ناگزیر ہے۔

فیصل آباد۔ ایم ڈی واسا عامر عزیز کی ہدایت پر چینل فور کی بھرائی کا عمل جاری ہے

لوک دیہاڑ ڈویلپمنٹ کے تعاون سے تھیٹر کا انعقاد

باصر نیئر کرسچن سٹڈی سینٹر، مس ندا، گرمیت سنگھ یاترا دیگر بھی موجود تھے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کرسچن سٹڈی سینٹر راولپنڈی کے زیر اہتمام لوک ویہار ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن فیصل آباد کے تعاون سے ایک انٹرایکٹو تھیٹر پیش کیا گیا جس میں سماجی ہم آہنگی معاشرتی تنوع اور پرامن معاشرت رواداری کے موضوعات کو تاریخ کے اوراق کے ساتھ موجودہ حالات کے تناظر میں پیش کیا گیا۔ حاضرین نے کہا کہ یہ وقت کی ضرورت ہے کہ ہم روز روز کے لہو رنگ ملک کی بجائے ترقی یافتہ ملک کی شکل اپنی نوجوان نسل کو دکھائیں۔ اور پرامن معاشرت کی جانب گامزن ہوں اس موقع پر باصر نیئر کرسچن سٹڈی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر ضلع کونسل کے احاطہ میں پودا لگانے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

حکومت کا چین کی سولر کمپنی کیساتھ معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران کے ممتاز تاجر رہنما جاوید شہزادہ نے پنجاب حکومت اور چین کی سولر انرجی کمپنی آنکو کے مابین پنجاب میں سولر مینوفیکچرنگ اور اسمبلنگ کا پلانٹ لگانے کا معاہدہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ آنکو کمپنی پنجاب میں سولر پینلز مینوفیکچرنگ کا پہلا کارخانہ لگائے گی۔

سعودی عرب میں منکی پاکس کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا، محکمہ صحت

ریاض (این این آئی) سعودی محکمہ صحت نے کہا ہے کہ سعودی عرب میں منکی پاکس کا کوئی کیس سامنے نہیں آیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق سعودی پبلک ہیلتھ اتھارٹی نے اپنے بیان میں کہا کہ صحتِ عامہ کو درپیش ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں۔ سعودی پبلک ہیلتھ اتھارٹی کے مطابق وائرس کی نگرانی اور پھیلاؤ کو روکنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

25 ٹو فیز ٹرانسفارمز کو تھری فیز میں تبدیل کرنیکی منظوری

مذکورہ ٹرانسفارمز آئندہ دو ہفتوں کے دوران تبدیل کر دیئے جائیں گے جس سے صارفین کی شکایات کا ازالہ ہوگا

وولٹیج کے مسائل پر قابو پانے کیلئے تھری فیز میں تبدیل کرنے کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں، چیف ایگزیکٹو فیسکو

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کے احکامات پر وولٹیج کے مسائل پر قابو پانے کیلئے ٹو فیز ٹرانسفارمز کو تھری فیز میں تبدیل کرنے کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر فرسٹ سرکل انجینئر امیر خان نے مختلف علاقوں سے موصول ہونے والی وولٹیج کی کمی بیشی کی شکایات کو دور کرنے کیلئے 25 ٹو فیز ٹرانسفارمز کو تھری فیز میں تبدیل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ مذکورہ ٹرانسفارمز آئندہ دو ہفتوں کے دوران تبدیل کر دیئے جائیں گے جس سے صارفین کی شکایات کا ازالہ ہوگا اور ان کے وولٹیج کے مسائل حل ہو سکیں گے۔ ان علاقوں میں سٹی سب ڈویژن کے گول فوارہ ماڈل ٹاؤن بی، سول لائن سب ڈویژن کے مین کچہری بازار گلی نمبر 4، اسلام پورہ سب ڈویژن کے لاثانی ٹاؤن اور طارق ٹاؤن، سرگودھا ٹاؤن سب ڈویژن کے سہروردی، مسلم ٹاؤن سب ڈویژن کے باوا چک گلی نمبر 1، مدینہ ٹاؤن سب ڈویژن کے سی بلاک ایڈن گارڈن اور مدینہ ٹاؤن، منصور آباد سب ڈویژن کے وحید پارک، گٹ والا سب ڈویژن کے چک نمبر 197 ر۔ب، جڑانوالا روڈ سب ڈویژن کے آستانہ، نعمت کالونی سب ڈویژن کے عثمان ٹاؤن، سٹی جڑانوالا (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

فیصل آباد۔ اسسٹنٹ کمشنر تاندلیانوالہ صفا عابد انسداد تجاوزات آپریشن کی نگرانی کر رہی ہیں

موت کے سوداگر منشیات کے گھناؤنے جرائم میں ملوث ہیں، ملک نذیر

منشیات کا زہر گھولنے والے موت کے سوداگروں کیخلاف پاکستان کے ادارے حرکت میں آئیں اور ان لوگوں کو پکڑیں

قومی اور صوبائی حکومتیں اور ادارے اگر اب بھی نہ حرکت میں نہ آئے تو بڑی خوفناک صورتحال پیدا ہو سکتی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین فیصل آباد ترک منشیات نفسیات سنٹر ملک نذیر نے کہا ہے کہ موت کے سوداگر منشیات کے گھناؤنے جرائم میں ملوث ہیں، دھرتی کے جوانوں کی رگوں میں منشیات کا زہر گھولنے والے موت کے سوداگروں کیخلاف پاکستان کے ادارے حرکت میں آئیں اور ان لوگوں کو پکڑیں، ورنہ ہر گلی، ہر محلہ، ہر سکول، ہر کالج میں منشات کا استعمال کرنیوالوں کی تعداد میں اضافہ ہی ہوتا جائیگا۔ آئس کا نشہ نوجوانوں کو ذہنی طور پر پاگل اور مفلوج کر رہا ہے، قومی اور صوبائی حکومتیں اور ادارے اگر اب بھی نہ حرکت میں نہ آئے تو بڑی خوفناک صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ 14 اگست کے حوالے سے چیئرمین فیصل آباد ترک منشیات نفسیات سنٹر ملک نذیر نے مطالبہ کیا ہے کہ منشیات کی سپلائی لائن کو فوری طور پر کاٹنا ہوگا۔ اگر گورنمنٹ میرا ساتھ دیں تو ہم ہر ڈویژن میں بحالی مرکز قائم کر سکتے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

وسطی غزہ میں لڑائی، 2 اسرائیلی میجر ہلاک، اسرائیلی میڈیا

اسرائیلی فوج کے غزہ پر حملے میں 30 سے زائد فلسطینی شہید

مقبوضہ غزہ (این این آئی) اسرائیلی فوج کے غزہ میں حملے جاری ہیں، وسطی غزہ میں لڑائی کے دوران اسرائیل کو مزید 2 فوجی افسران کا نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج کے میجر یوٹم یتزاک پیلڈ اور میجر مور دچائی یوسف بن شوم ہلاک ہوئے۔ اسرائیلی میڈیا نے بتایا کہ اسرائیلی طیارے نے غزہ کی پٹی کے نذیرات کیمپ میں رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا ہے۔ دوسری جانب گزشتہ روز اسرائیلی فوج کے غزہ پر حملے میں 30 سے زائد فلسطینی شہید ہوئے۔ اسرائیلی فوج نے گزشتہ روز جنوبی لبنان میں بھی فضائی حملہ کیا (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

امریکا میں نئے پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی آمد اگلے ہفتے متوقع

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں نئے پاکستان کے سفیر کی آمد اگلے ہفتے متوقع ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق امریکا کے لیے نامزد سفیر رضوان سعید شیخ کے منگل کو واشنگٹن پہنچنے کا امکان ہے۔ پاکستانی وزارتِ خارجہ نے جون کے آخر میں رضوان شیخ کو واشنگٹن میں نیا سفیر نامزد کیا تھا۔

14 روپے فی یونٹ ریلیف سے لوگوں کو سکھ کا سانس ملا

نواز شریف نے باقی صوبوں سے بھی عوام کو ریلیف دینے کی ضرورت پر زور دیا، منے خان

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما اور پی پی 112 سے سابق ٹکٹ ہولڈر اسرار احمد منے خان نے کہا ہے کہ پارٹی قائد میاں نواز شریف اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے بجلی کے ناقابل برداشت بلز میں 500 یونٹ تک 14 روپے فی یونٹ ریلیف سے عام لوگوں کو سکھ کا سانس ملا ہے اور بالخصوص غریب عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ میاں نواز شریف کی خصوصی دلچسپی سے پنجاب حکومت نے 500 یونٹ تک 2 ماہ کے لئے فوری ریلیف دیا ہے اس عرصہ میں مفت سہولت فراہم کر دی جائے گی جس کے بعد غریب عوام کو بلز سے ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی۔ میاں نواز شریف نے باقی صوبوں سے بھی عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے جبکہ وزیراعظم (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

حکومت عوام کو ریلیف دیں مزید مشکلات پیدا نہ کریں، حاجی عمران

ڈالر کی قیمت کم ہونے سے اشیائے خوردنی کی قیمتیں کم نہیں ہو رہی،

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران بیرون چنیوٹ بازار سرکلر روڈ کے صدر حاجی عمران نے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمت کم ہو رہی ہے اور پاکستان میں بڑھ رہی ہے، خدا کے لئے عوام کو ریلیف دیں مزید مشکلات پیدا نہ کریں۔ حکومت کا بجلی کی قیمتیں بڑھانا ناقابل فہم ہے عوام پوچھ رہے ہیں کہ پٹرولیم مصنوعات اور ڈالر کی قیمت میں کمی کا فائدہ انہیں کب ہوگا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوششوں اور خلوص پر شک نہیں کرتے مگر حقائق سے نظریں چرانا مستقل میں عذاب بن جائیگا۔ ڈالر کی اڑان روک کر اس کے پر کاٹ دینا بہترین نتائج کا حامل ہوگا ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت بجلی کے بلوں کی قیمتیں کم کرنے پر توجہ مرکوز کر دے تاکہ عوام اور تاجر طبقات کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے

بجلی کے بلوں میں ریلیف نواز شریف کا عوام کو تحفہ ہے، توصیف نواز

مریم نواز جلد پنجاب میں سولر پینل اور اپنا گھر منصوبے کو لانچ کرنے جا رہی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ فیصل آباد توصیف نواز خان نے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں پر ریلیف میاں نواز شریف کا پنجاب کے عوام کو تحفہ ہے، مریم نواز بہت جلد پنجاب میں سولر پینل اور اپنا گھر اپنی چھت منصوبے کو لانچ کرنے جا رہی ہیں۔ میاں نواز شریف اور شہباز شریف کی جانب سے مریم نواز کی بہترین کارکردگی پر شاباش دینا خوش آئند ہے، پاکستان کے دو وزیراعظم مریم نواز کی کارکردگی کو قابل ستائش قرار دے رہے ہیں، یہ مریم نواز کیلئے فخر اور بڑے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے چند ماہ میں پنجاب میں جو کارنامے سرانجام دیئے وہ تاریخی اور قابل ستائش ہیں، وزیر اعلی نے اپنے وسائل سے پنجاب کے عوام کو صحت جیسی بنیادی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

گاڑیوں پر لگائے گئے بھاری ٹیکسز کو ختم کرنا ہوگا، میاں اعجاز

شعبہ ٹرانسپورٹ پر مافیاز کا قبضہ ہے روزگار کی منصفانہ پالیسی چاہتے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاسبان رکشہ، ٹیکسی ڈرائیورز یونین پنجاب اور پاسبان ہائی ایس ویگن ورکرز ایسوسی ایشن پنجاب کی ٹرانسپورٹرز کے حقوق کیلئے مشترکہ تحریک چلانے کا اعلان۔ "حق دو ٹرانسپورٹرز کو" تحریک ملک میں نئے انقلاب کی نوید ہوگی۔ اس امر کا فیصلہ مشترکہ اجلاس میں کیا گیا۔ المرکز الاسلامی چنیوٹ بازار میں ہونے والے اس اجلاس کی صدارت میاں اعجاز حسین نے کی جبکہ محمد یوسف، نور حسین، ایوب بٹ، مرزا عابد عزیز، رانا محمد امجد، ناصر اعجاز جٹ، ماجد جٹ، چوہدری خالد جٹ، حاجی محمد سلیم، حاجی محمد حنیف موہل، محمد علی سیدھن سمیت دیگر ذمہ داران موجود تھے۔ میاں اعجاز حسین نے کہا کہ 2 فیصد اشرافیہ نے چھوٹی ٹرانسپورٹ سے وابستہ لوگوں کا استحصال کیا۔ حق دو ٹرانسپورٹرز کو تحریک (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

دوقومی نظریہ اسلام اور پاکستان کی بنیادی اساس ہے، زاہد اسلم

پاکستان کو ریاست مدینہ بنانے کیلئے خلفائے راشدین کی سیاست کو آئیڈیل بنانا ہوگا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چیمبر آف کامرس کے سابق صدر میاں زاھد اسلم نے کہا کہ وطن عزیز سے محبت اور وفا کا جذبہ ملک دشمن قوتوں کے لیے نوشتہ دیوار ثابت ہوگا۔ دوقومی نظریہ اسلام اور پاکستان کی بنیادی اساس ہے۔ قرآنی احکامات کی تقلید میں ہماری کامیابی ہے پاکستان کو ریاست مدینہ بنانے کے لیے خلفائے راشدین کی سیاست کو آئیڈیل بنانا ہوگا۔ دھوکے باز نیازی جھوٹ، مکاری اور شعبدہ بازی کے ذریعے ریاست مدینہ کو بدنام کرتا رہا۔ حکمران ملک میں حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی پیروی کرتے ہوئے عدل و انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ تاریخ کے سب سے بڑے عادل حکمران سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے طرز حکومت سے مسلم حکمرانوں کو سیکھنے کی ضرورت ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ کا انصاف فقط انسانوں پر نہیں بلکہ جانوروں اور چرند پرند پر بھی قائم تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بے شمار اداروں کا قیام عمل میں لایا گیا۔ ملکی امن وامان برقرار رکھنے کے لیے انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنا اشد ضروری ہے۔ موجودہ وزیراعظم اپنے وعدوں کی تکمیل کے لیے عدلیہ اور پولیس کا نظام بہتر بنانے پر توجہ دیں۔

بجلی سستی ہونا جماعت اسلامی کے دھرنے کے ثمرات ہیں، سکندر اعظم

صرف پنجاب کیلئے بجلی سستی کر دینے سے عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈویژنل صدر جماعت اسلامی ٹریڈرز ونگ فیصل آباد، سابق صدر فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری رانا محمد سکندر اعظم خاں نے کہا ہے کہ بجلی فی یونٹ 14 روپے سستی ہونا جماعت اسلامی کے دھرنے کے ثمرات ہیں، حکومت اور جماعت اسلامی کے مابین بجلی سستی کرنے کا جو معاہدہ طے ہوا آج یہ اسی کا نتیجہ ہے تاہم بجلی ملک بھر میں یکساں سستی کی جائے تاکہ عوام کو حقیقی ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ صرف پنجاب کے لئے بجلی سستی کر دینے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف کو فی الفور ملک بھر میں بجلی سستی کرنے کا اعلان کرنا چاہئے تاکہ دوسرے صوبوں کے عوام کو بھی بھرپور ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک گیر جماعت ہے

تحریک آزادی میں علماء اہلحدیث کا کردار نمایاں ہے، عبدالرشید

تاریخ گواہ ہے علماء اہلحدیث کو پابند سلاسل ان کی مساجد و لائبریوں کو جلایا گیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) آزادی بہت بڑی نعمت ہے اس کی قدر و قیمت قیام پاکستان کے وقت اپنا مال و متاع، بیوی بچے اور بہن بھائیوں کے بغیر ہجرت کر کے پاکستان پہنچنے والے ہی جانتے ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے امیر مولانا عبد الرشید حجازی۔ خالد محمود اعظم آبادی۔ حافظ عبد الرحمٰن عابد۔ حکیم عبدالرزاق نعیم۔ قاری محمد اکرم عاصم۔ مولانا محمد احسان۔ مختار احمد سلفی۔ حافظ ولید خالد نے استحکام پاکستان سیمینار سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ انگریز کے خلاف 1857 کی تحریک آزادی ہو یا پھر تحریک پاکستان ہمارے اسلاف نے بے مثال و لازوال کردار ادا کیا ہے۔ تحریک آزادی پاکستان میں علما اہلحدیث کا کردار سب سے نمایاں نظر آتا ہے۔ تاریخ اس بات (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

مشرق وسطی پہلے سے کہیں زیادہ جنگ کے قریب آ گیا، فرانس

ایران پرامن معاہدے تک پہنچنے کی کوششوں کی حمایت کرے، برطانیہ

لندن، پیرس (این این آئی) غزہ میں جنگ بندی کے حوالے سے دوحہ میں جمعرات اور جمعہ کو مذاکرات ہوئے۔ ان مذاکرات میں امریکہ نے نئی تجویز پیش کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس نے مذاکرات میں شرکت نہیں کی اور امریکی تجویز کو بھی مسترد کر دیا۔ اس کے باوجود امریکی صدر بائیڈن اور دیگر حکام نے دعوی کیا کہ جنگ بندی کے مذاکرات قریب ہیں۔ ان مذاکرات کے حوالے سے ابہام برقرار ہے اور اب فرانس اور برطانیہ کے نئے بیان نے اس ابہام کو مزید بڑھا دیا ہے۔ دونوں ملکوں نے اعلان کیا کہ مشرق وسطی پہلے سے کہیں زیادہ تنازعات کے خطرے سے دوچار ہے۔ ان کا اشارہ اسرائیل کی ایران کے ساتھ بڑھتی کشیدگی اور جنوبی لبنان میں خراب ہوتے حالات کی طرف تھا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

بنگلا دیش، وزیراعظم ہاؤس سے لوٹے گئے سامان کی واپسی شروع

مظاہرین نے حساس دستاویزات سمیت 500 اشیا واپس کر دیں، رپورٹ

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش میں طلبا رہنماؤں کی اپیل پر وزیراعظم ہاؤس سے لوٹے گئے سامان کی واپسی شروع ہو گئی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کیمطابق مظاہرین نے حساس دستاویزات، فرنیچر، الیکٹرونک آلات، زیورات اور جانوروں سمیت 500 اشیا واپس کر دیں۔ مظاہرے میں شامل ایک شخص وزیراعظم ہاس سے بطخ اٹھا کر لے گیا تھا جو کہ اس نے پکا کر کھالی تھی، اس شخص نے بطخ کی قیمت جمع کروائی۔ ایک اور شخص نے ہیرے کی نتھ اور جھمکوں سمیت دیگر زیورات لوٹائے۔ وزیراعظم ہاس کے کبوتر اور بلی بھی واپس کر دیے گئے۔ طلبا رہنماؤں کو وزیراعظم کی رہائش گاہ سے میک اپ بیگ لے جانیوالی خاتون کی تلاش ہے۔ واپس کیے گئے خفیہ دفاعی اور سکیورٹی دستاویزات محفوظ مقام پر منتقل کر دی گئی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسرائیلی شہری وزیراعظم نیتن یاہو کیخلاف سڑکوں پر آ گئے

مظاہرین کا وزیراعظم کے گھر کے باہر خود کو باندھ کر یرغمالیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ

تل ابیب (این این آئی) تل ابیب میں اسرائیلی شہری وزیراعظم نیتن یاہو کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے اور غزہ میں اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کا مطالبہ کر دیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اسرائیل میں مظاہرین کی جانب سے نیتن یاہو (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

یو این یوکرین کو نیوکلیئر پاور پلانٹ پر حملے سے باز رکھے، روس

اقوام متحدہ اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی اس اشتعال انگیزی کی مذمت کرے، بیان

ماسکو (این این آئی) روس کی پارلیمنٹ ڈوما نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ یوکرینی فوج کو روس کے علاقے کرسک میں ایٹمی پاور پلانٹ پر حملے سے باز رکھے۔ ساتھ ہی روسی پارلیمنٹ نے خبردار کیا ہے کہ یوکرین نے اگر کارروائی کی تو روس نہ صرف سخت فوجی بلکہ ملٹری ٹیکٹیکل جوابی اقدامات پر مجبور ہوگا۔ دوسری جانب روس کی وزارت خارجہ کی ترجمان ماریا زخاروا نے کہا کہ یوکرین نے کرسک نیوکلیئر پاور (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

صفائی مہم کی کامیابی میں زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، کمشنر

ڈویژن بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کو مزید کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے موثر پلاننگ کی جائے

یونین کونسل سطح پر ستھرا پنجاب کیلئے اضافی ڈیلی ویجز سینٹری سٹاف بھرتی کریں، سلوت سعید کی ہدایات

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر سلوت سعید نے ہدایت کی ہے کہ ڈویژن بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کو مزید کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے موثر پلاننگ کی جائے۔ یونین کونسل سطح پر ستھرا پنجاب کے لئے اضافی ڈیلی ویجز سینٹری سٹاف بھرتی کریں۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے صفائی مہم کو کامیاب بنانے کا ٹاسک تفویض کر رکھا ہے لہذا گلی محلوں اور شاہرات کی صفائی پر فوکس رکھا جائے۔ انہوں نے اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی مہم کی کامیابی میں زیرو ٹالرنس پالیسی ہے۔ انہوں نے پرائس کنٹرول میکنزم پر عملدرآمد پر بھی بریفنگ لی اور واضح کیا کہ پرائس کنٹرول میں لاپروائی برداشت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز ڈ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو متحرک کریں۔ پرفارمنس نہ دکھانے والوں سے مجسٹریٹ کے اختیارات واپس لے لیں۔ انہوں نے کہا کہ پھل و سبزیوں اور کریانہ کی اشیاء کے ساتھ چکن کی قیمت کو قابو میں رکھیں۔ کمشنر فیصل آباد نے ہدایت کی کہ انسداد تجاوزات مہم، بزنس فسیلیٹیشن سنٹر کی کارکردگی، پرائس کنٹرول اقدامات، سڑکوں کی بحالی، ستھرا پنجاب (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

DC کاؤنٹر
ریٹ لسٹ
فیصل آباد۔ چیئرپرسن چیف منسٹر ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول سلمی بٹ تندوروں پر روٹی کی مقررہ قیمت، وزن، میگا مارٹ کے ڈی سی کاؤنٹر پر اشیاء کی دستیابی، معیار، قیمتوں، کریانہ سٹور پر نرخناموں کی موجودگی اور سہولت سیل سنٹر پر قیمتوں کی چیکنگ کر رہی ہیں

پنجاب پانچ سال بعد دوبارہ 2018 والا پنجاب بنے گا

مریم نواز شریف بہت جلد پنجاب میں سولر پینل اور اپنا گھر اپنی چھت منصوبے کو لانچ کرنے جا رہی ہیں

نواز شریف اور شہباز شریف کی جانب سے مریم نواز کی بہترین کارکردگی پر شاباش دینا خوش آئند ہے، توصیف نواز

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ فیصل آباد توصیف نواز خان نے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں پر ریلیف میاں نواز شریف کا پنجاب کے عوام کو تحفہ ہے، مریم نواز بہت جلد پنجاب میں سولر پینل اور اپنا گھر اپنی چھت منصوبے کو لانچ کرنے جا رہی ہیں۔ میاں نواز شریف اور شہباز شریف کی جانب سے مریم نواز کی بہترین کارکردگی پر شاباش دینا خوش آئند ہے، پاکستان کے دو وزیراعظم مریم نواز کی کارکردگی کو قابل ستائش قرار دے رہے ہیں، یہ مریم نواز کیلئے فخر اور بڑے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے چند ماہ میں پنجاب میں جو کارنامے سرانجام دیئے وہ تاریخی اور قابل ستائش ہیں، وزیر اعلی نے اپنے وسائل سے پنجاب کے عوام کو صحت جیسی بنیادی سہولیات مفت مہیا کر کے ریکارڈ قائم کیا ہے، روٹی کی قیمت میں کمی مریم نواز کی بہترین حکمت عملی اور ہوم ورک کا نتیجہ ہے، پنجاب میں ایئر ایمبولینس سروس مریم نواز کا انسانیت دوست اقدام ہے، پنجاب میں آج باقی صوبوں کی نسبت (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

فیصل آباد۔ کمشنر سلوت سعید ڈویژنل پبلک سکول و کالج میں جشن آزادی سپورٹس گالا کی ونر ٹیموں کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہی ہیں

عوام کیلئے یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی مشکل ہو چکی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن تاجران سٹی فیصل آباد کے سینئر وائس چیئرمین المدینہ کمرشل مارکیٹ گنیش مل روڈ کے سرپرست اعلی مرزا طالب صدیق بیگ نے کہا ہے زرعی ملک ہونے کے باوجود غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کرنے والے پاکستان کے کروڑوں غریب عوام مہنگا ترین آٹا، چینی اور ضرورت کی دیگر اشیائے خوردونوش خریدنے سے مجبور ہو چکے ہیں جبکہ معاشی بدحالی کے شکار پاکستان کے تاجر انتہائی مشکل حالات (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

جعلی مضر صحت دودھ کی تیاری اور ترسیل کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا

ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز قاسم رضا کی زیر نگرانی 10 ہزار لٹر مضر صحت جعلی دودھ 251 کلو پاؤڈر، مایا، سوڈیم اور فلیور تلف کر دی گئی

جعلی دودھ میں استعمال ہونیوالا پاؤڈر، پانی، ویجیٹیبل آئل اور کیمیکلز انسانی صحت کیلئے انتہائی مضر ثابت ہوتے ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جعلی مضر صحت دودھ کی تیاری اور ترسیل کا بڑا منصوبہ ناکام بنا کر مقدمہ درج کرا دیا ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز قاسم رضا کی زیر نگرانی 10 ہزار لٹر مضر صحت جعلی دودھ، 251 کلو پاؤڈر، مایا، سوڈیم اور فلیور تلف کر دی گئی۔ 3 چلر، 2 فریزر، 7 ڈرم، مشینیں، پلنجر اور راڈ ضبط کر کے یونٹ بند کر دیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے اوکاڑہ روڈ بھٹہ سٹاپ پر واقع ملک یونٹ پر چھاپہ مارا جہاں تلف کئے گئے اجزاء سے بھاری مقدار میں جعلی دودھ تیار کیا گیا تھا۔ یونٹ میں صفائی کے ناقص حالات، لازم ریکارڈ عدم موجود، حشرات کی بہتات پائی گئی۔ ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس نہ ہونے اور جعلسازی کرنے پر ایکشن لیا گیا۔ دودھ کے نام پر جعلی محلول تیار کر کے فیصل آباد کی مختلف سوسائٹیز میں سپلائی کیا جاتا تھا۔ جعلی دودھ میں استعمال ہونیوالا (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

فیصل آباد۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر الائیڈ ہسپتال ون کی انسپکشن کر رہے ہیں

نواز شریف کا بجلی کے بلوں میں سبسڈی دینے کا اعلان خوش آئند، حافظ امجد

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مریم نواز دن رات محنت کر کے ملکی معیشت کی سمت درست کر رہی ہیں، علما مشائخ ونگ کے صوبائی جنرل سیکرٹری کا خراج تحسین، پاکستان مسلم لیگ ن علما مشائخ ونگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری صاحبزادہ حافظ محمد امجد نے پنجاب کے عوام کو بجلی میں دو ماہ کے لیے ریلیف دینے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

نواز شریف کا بجلی بلوں میں سبسڈی اعلان خوش آئند، شکور گجر

پیپلز پارٹی مکمل سپورٹ کر رہی، حکومت 5 برس پورے کریگی، رہنما پیپلز پارٹی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 114 چوہدری شکور گجر نے کہا ہے کہ جب سے حکومت بنی ہے ہمیں مشکلات کا سامنا ہے پیپلز پارٹی پچھلے کئی ماہ ن لیگی حکومت سے مل کر جدوجہد کر رہی ہے۔ اس وقت عوام کی سب سے بڑی مشکل بجلی کے بلوں میں بےتحاشہ اضافہ ہے ان حالات میں نواز شریف کا بجلی کے بلوں میں سبسڈی کا اعلان خوش آئند ہے۔ موجودہ اتحادی حکومت ہے پیپلز پارٹی، ن لیگ کو مکمل سپورٹ کر رہی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ حکومت پانچ سال مکمل کرے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی بلوں میں ریلیف مشکل حالات میں تازہ ہوا کا جھونکا ہے، آئی پی پیز پالیسی کو ریویو کرنا بہت ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی کے بلوں میں جو غیرضروری ٹیکسز ہیں انکا خاتمہ بھی بہت ضروری ہے

پاک فوج کے شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، اکرم انصاری

نواز شریف کی منتخب حکومت کیخلاف سازشیں کرنے والے ٹولے کو قانونی گرفت میں لانا چاہیے

پاکستان کو کمزور کرنے کی سازشیں کی جا رہی ہیں مگر کوئی کامیاب نہیں ہوگا، سابق وزیر مملکت

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر مملکت اور مسلم لیگ ن کے ڈویژنل صدر حاجی اکرم انصاری نے کہا ہے کہ فوج میں خود احتسابی کا عمل خوش آئند ہے تاہم 2017 میں میاں نواز شریف کی منتخب حکومت کے خلاف سازش کرنے والے ٹولے کو قانون کی گرفت میں لانا چاہیے آج میاں نواز شریف کا بیانیہ واضح ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ملک کو دیوالیہ کرنے کے لیے ہر حربہ استعمال کیا، قوم دیکھے گی کہ کیسے مجرموں کا احتساب ہوگا۔ 9 مئی کا سانحہ ناقابل فراموش ہے، مجرموں کو سزا ملنی چاہیے، جو بھی ملک کی جڑیں کھوکھلی کرے گا اس کو سزا ضرور ملے گی، پاکستان کو کمزور کرنے کی سازشیں کی جا رہی ہیں مگر کوئی کامیاب نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے شہدا کا خون کسی صورت رائیگاں نہیں جائے گا۔ شہدا کی یادگاروں کی بے حرمتی کرنے والوں کا احتساب ہونا چاہیے، پاک (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

فیصل آباد۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کے میٹرک سالانہ امتحان کے پوزیشن ہولڈرز طلباء و طالبات کا لاہور تقریب میں شرکت کیلئے روانگی کے موقع پر سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر حبیب الرحمٰن، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر جعفر علی و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈاکٹر سید ندیم بدر کا مختلف ویٹرنری اداروں کا اچانک دورہ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر سید ندیم بدر نے مختلف ویٹرنری اداروں کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک دفتر تحصیل فیصل آباد، ڈویژنل کولڈ چین آفس، موبائل ویٹرنری ڈسپنسری تحصیل فیصل آباد، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک دفتر تحصیل (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کا الائیڈ ہسپتال ون کا دورہ

مختلف وارڈز میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے الائیڈ ہسپتال ون کا دورہ کیا اور مختلف وارڈز میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مشینری کے فعال ہونے کی تصدیق کی جبکہ میڈیسن سٹور میں ادویات کی دستیابی کو چیک کیا۔ انہوں نے وارڈز میں ایئر کنڈیشنڈ کو مکمل طور پر فنکشنل رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے مریضوں و لواحقین سے ملاقات کر کے علاج معالجہ کی فراہمی بارے دریافت کیا اور کہا کہ صحت کے شعبہ میں حکومتی اقدامات کے ثمرات مریضوں تک بلا رکاوٹ پہنچنے چاہیں۔ انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 19)